جعلی جزء کی کہانی اور علمائے ربانی

الجزء المفقود یا الجزء المصنوع

تحقیق و افادات:

مولانا ارشاد الحق اثری

حافظ زبیر علی زئی

مولانا محمد یحییٰ گوندلوی

مولانا محمد داؤد ارشد

مرتب:

حافظ ندیم ظہیر

مکتبہ اسلامیہ

جملہ حقوق محفوظ ہیں

کتاب ---------- جعلی جزء کی کہانی اور علمائے ربانی

ناشر ---------- محمد سرور عاصم

کمپوزنگ ---------- مکتبۃ الحدیث

ڈیزائننگ ---------- مکتبہ اسلامیہ پرنٹرز

اشاعت ---------- جولائی 2006ء

قیمت ----------

ملنے کا پتہ

مکتبہ اسلامیہ

لاہور بالمقابل رحمان مارکیٹ غزنی سٹریٹ اردو بازار فون: 042-7244973

فیصل آباد بیرون امین پور بازار کوتوالی روڈ فون: 041-2631204

اٹک مکتبۃ الحدیث حضرو فون: 0300-5288783

فہرست

- مقدمہ ۵
- ''الجزء المفقود'' کی دریافت ۹
- موضوع اور من گھڑت کتابیں ۱۱
- قلمی اور مطبوعہ کتابوں سے استدلال کی شرائط ۱۳
- دو من گھڑت کتابیں ۱۷
- حدیثِ نور اور مصنف عبدالرزاق: ایک نئی دریافت کا جائزہ ۲۲
- امام عبدالرزاق صنعانی ۲۷
- ''الجزء المفقود'' کا جعلی نسخہ اور انٹرنیٹ پر اس کا رد ۲۹
- ''الجزء المفقود'' یا ''الجزء المصنوع'' ۳۳
- الجزء المفقود کی دستیابی کی کہانی ۳۵
- مخطوطہ کا وصف ۳۶
- اعتراضات ۳۶
- جزء کے من گھڑت ہونے پر جزء کی شہادت ۳۷
- آغاز ہی غلط ہے ۳۸
- مخطوطہ کے من گھڑت ہونے کی دوسری دلیل ۴۰
- مخطوطہ کے من گھڑت ہونے کی تیسری دلیل ۴۱
- مخطوطہ کے من گھڑت ہونے کی چوتھی دلیل ۴۳
- مخطوطہ کے من گھڑت ہونے کی پانچویں دلیل ۴۳
- متن پر بحث ۴۴
- قرآن اور حدیثِ متواترہ سے تعارض ۴۵
- رکاکۃ الالفاظ ۴۶
- مصنف عبدالرزاق کا جزء مفقود ۴۸

- یحییٰ بن ابی زائدہ کون ہیں؟ ۵۲
- یحییٰ بن ابی زائدہ کی دوسری روایت ۵۳
- تیسری روایت ۵۴
- چوتھی روایت ۵۴
- یحییٰ کی پانچویں حدیث ۵۵
- ایک سند اور لطیفہ ۵۶
- ایک اور لطیفہ ۵۶
- متن میں نکارت ۵۷
- چوتھی سند اور ڈاکٹر حمیری کی دھاندلی ۵۸
- پانچویں سند کا لطیفہ ۵۹
- چھٹی سند ۶۰
- ساتویں حدیث ۶۱
- آٹھویں حدیث اور ڈاکٹر حمیری ۶۲
- مصنف عبدالرزاق اور حدیثِ نور ۶۳
- ''الجزء المفقود'' کی پہلی حدیث اور حدیث نور ۶۸
- جعلی الجزء المفقود کا انٹرنیٹ پر رد اور اس رد کا مکمل عربی متن ۷۲

مُقَدِّمَة

الحمدلله رب العالمين والصلوة والسلام على رسوله الأمين، أمابعد:

اسلام وہ روشن دین ہے جس کی تکمیل امام الانبیاء سیدنا محمد ﷺ کے ذریعے کی گئی اور اس کی حفاظت و پاسبانی کے سلسلے میں ہر وہ رخنہ مسدود ہے جس سے اسلام دشمن عناصر یا مفاد پرست لوگ اپنے مفادات کو تقویت اور قلوب واذہان کو تسکین پہنچانے کی کوشش کرتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ مختلف ادوار میں مختلف انداز سے کئی ایک فتنوں نے جنم لیا لیکن علمائے حق نے ان کی بیخ کنی میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کیا تو یہ بے جان، لاچار اور اپنے مقصد میں ناکام خود ہی دم توڑ گئے۔

ایسے ہی جب بھی ''فتنہ وضع حدیث'' نے سر اٹھایا تو محدثین کے کڑے اصولِ روایت و درایت کے سامنے اسے منہ کی کھانی پڑی۔ اہلِ علم، ارباب تحقیق اور اصحابِ تاریخ پر یہ حقیقت مخفی نہیں کہ اسباب وضع حدیث میں سے ایک سبب تقلیدی بندھن، مسلکی حمیت، گروہی عصبیت اور مخصوص افکار ونظریات کی تائید وتقویت ہے۔

کتب اسماء الرجال میں جابجا اس کی مثالیں موجود ہیں:

① احمد بن عبداللہ بن خالد الجوبَاری کے بارے میں امام ابن عدی کہتے ہیں:

"كان يضع الحديث" یہ احادیث وضع (گھڑا) کرتا تھا اور واقعتاً اس شخص نے حنفیت کی ترویج کے لئے احادیث گھڑی ہیں مثلاً:

"يكون في أمتي رجل يقال له أبو حنيفة يجدد الله سنتي على يده" (نبی ﷺ نے فرمایا:) میری امت میں ایک آدمی ہوگا جسے ابوحنیفہ کہا جائے گا۔ اللہ تعالیٰ اس کے ذریعے میری سنت کی تجدید فرمائے گا۔ [لسان المیزان لابن حجر ۱/۹۳ ونسخہ اخریٰ ۱/۲۹۱]

نبی ﷺ پر مذکورہ بہتان (جھوٹ) باندھنے کا صرف یہ مقصد ہے کہ امام ابوحنیفہ کی

فضیلت ثابت ہو اور حنفی مسلک کی اشاعت ہو (العیاذ باللہ)

② مامون بن احمد السلمی بھی احادیث گھڑنے میں مشہور ہے۔ اس شخص نے تعصب کی بنا پر نبی ﷺ سے ثابت شدہ طریقے ''نماز میں رفع الیدین'' کے خلاف حدیث گھڑی کہ

عن أبی هريرة عن النبی ﷺ قال: ((من رفع يديه فی الصلوٰة فلا صلوٰة له)) جس شخص نے نماز میں رفع یدین کیا اس کی نماز ہی نہیں ہے۔

[کتاب المجروحین لابن حبان ۳/۴۶]

عبدالحیٔ لکھنوی حنفی لکھتے ہیں: " السادس: قوم حملهم على الوضع التعصب المذهبی والتجمد التقليدي " چھٹا سبب: لوگوں کو مذہبی تعصب اور تقلیدی جمود نے احادیث گھڑنے پر آمادہ کیا۔ [الآثار المرفوعہ فی الاخبار الموضوعہ ص ۱۷]

شاید اسی قسم کے لوگوں کے متعلق رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: آخر زمانہ میں ایسے جھوٹے اور جعلساز پیدا ہوں گے جو تمھارے سامنے ایسی حدیثیں (گھڑ گھڑ کر) بیان کریں گے جو نہ کبھی تم نے سنی ہوں گی اور نہ تمھارے آباؤ اجداد نے۔ ان سے بچتے رہنا کہیں تمھیں گمراہ نہ کر دیں اور مبتلائے فتنہ وفساد نہ بنا دیں۔ [صحیح مسلم: ۷، مقدمہ]

احمد بن عبداللہ اور السلمی کے پیروکار اس طرح کی کرشمہ سازی وحیلہ بازی کرتے وقت نبی کریم ﷺ کے یہ فرامین کیونکر بھول جاتے ہیں؟ ((مجھ پر جھوٹ مت باندھو جس شخص نے میری طرف جھوٹ منسوب کیا وہ جہنم میں داخل ہوگا۔)) [صحیح مسلم: ۱]

آپ ﷺ نے فرمایا: ((من يقل علی مالم أقل فليتبوأ مقعده من النار)) جس شخص نے مجھ پر ایسی بات کہی جو میں نے نہیں کہی تو وہ اپنا ٹھکانا (جہنم کی) آگ میں بنالے۔ [صحیح بخاری: ۱۰۹]

نیز فرمایا: جس نے جان بوجھ کر (قصداً) مجھ پر جھوٹ باندھا تو وہ اپنا ٹھکانا (جہنم کی) آگ میں بنالے۔ [صحیح بخاری: ۱۱۰، صحیح مسلم: ۳]

کیا موضوع حدیث دین بن سکتی ہے؟

فتنہ وضع حدیث وقتاً فوقتاً ظہور پذیر ہوتا رہا ہے بلکہ حافظ ابن حزم لکھتے ہیں:

"وأما الوضع فی الحدیث فباق مادام إبلیس و أتباعه فی الأرض"

جب تک ابلیس اور اس کے پیروکار روئے زمین پر موجود ہیں وضعِ حدیث (کا فتنہ) باقی رہے گا۔ [المحلیٰ ۱۳/۹ مسألۃ: ۱۵۱۴]

لیکن موضوع حدیث کبھی دین نہیں بنی اور نہ کبھی بنے گی۔

کیونکہ مسلمانوں کے پاس "سلسلة الإسناد" وہ گوہرِ نایاب ہے جو کسی اور کے ہاں مفقود ہے۔ یہی وہ کسوٹی و معیار ہے جو ضعیف و سقیم اور موضوع و من گھڑت روایات کو دین بننے سے روکتا ہے۔

تحقیق اور اسناد کی چھان بین کے سلسلے میں ہمیں قرآن و حدیث اور سلف صالحین کے اقوال سے بھی راہنمائی ملتی ہے۔

ارشادِ باری تعالیٰ ہے: ﴿يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِنْ جَاءَكُمْ فَاسِقٌ بِنَبَإٍ فَتَبَيَّنُوا.....﴾

اے ایمان والو! اگر کوئی فاسق تمھارے پاس کوئی خبر لے آئے تو اس کی تحقیق کر لیا کرو.....

[الحجرات: ٦]

اس آیت کو امام مسلم رحمہ اللہ نے بھی بطورِ استدلال پیش کیا ہے۔ [دیکھئے مقدمہ صحیح مسلم]

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ((کفی بالمرءِ کذباً أن یحدث بکل ماسمع))

کسی شخص کے جھوٹا ہونے کے لئے یہی کافی ہے کہ وہ ہر سنی ہوئی بات کو بیان کر دے۔

[صحیح مسلم: ۵]

امام عبدالرحمٰن بن مہدی رحمہ اللہ نے فرمایا: ایسا شخص کبھی لائقِ اقتداء امام نہیں بن سکتا جب تک وہ اپنی زبان کو سنی سنائی باتوں سے روک نہیں لیتا۔ [صحیح مسلم: ۱۲ ترقیم دارالسلام]

معلوم ہوا کہ ہر سنی سنائی بات آگے بیان نہیں کرنی چاہئے جب تک اس کی تحقیق نہ کر لی جائے۔

سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے پاس بشیر بن کعب العدوی حاضر ہوئے اور احادیث بیان کرنا شروع کر دیں۔ (بشیر نے) کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یوں فرمایا لیکن ابن عباس رضی اللہ عنہما نے نہ اس کی احادیث غور سے سنیں اور نہ اس کی طرف دیکھا۔ (بشیر نے) کہا: اے ابن عباس رضی اللہ عنہما کیا بات ہے کہ میں آپ کے سامنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث بیان کر رہا ہوں اور آپ سنتے ہی نہیں؟ سیدنا ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: ایک وہ وقت تھا کہ جب ہم کسی سے یہ سنتے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو ہماری نگاہیں بے اختیار اس کی طرف جھک جاتیں اور غور سے اس کی حدیث سنتے۔ لیکن جب سے لوگوں نے ضعیف اور ہر قسم کی روایات بیان کرنا شروع کر دیں تو ہم صرف اسی حدیث کو لیتے ہیں جس (کے راویوں اور اسناد) کو پہچانتے ہیں۔ [صحیح مسلم تحت ح ۷ ترقیم دارالسلام: ۲۱]

پتا چلا کہ قرونِ اُولیٰ سے ہی اسناد کی چھان بین اور راویوں کی معرفت و تحقیق ہوتی آ رہی ہے اور وہی حدیث قابلِ عمل ٹھہری جو محدثین کے اصولوں اور جرح و تعدیل کی چھلنی سے گزر کر صحیح و حسن کے درجے کو پہنچی۔

امام ابن سیرین رحمہ اللہ فرماتے ہیں: إن هذا العلم دينٌ ، فانظروا عمن تأخذون دينكم. علم حدیث دین ہے تم دیکھو کہ کس سے اپنا دین حاصل کر رہے ہو۔
[صحیح مسلم: ۲۶ ترقیم دارالسلام]

امام عبداللہ بن مبارک رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

الإسناد من الدين ، ولولا الإسناد لقال من شاء ماشاء . اسناد دین میں سے ہیں اگر اسناد نہ ہوتیں تو ہر کوئی جو چاہتا کہہ دیتا۔ [مسلم: ۳۲ ترقیم دارالسلام]

اسی سلسلے میں ''تاریخ الرجال'' کا بھی اہم کردار رہا ہے۔ مثلاً: جب مامون بن احمد السلمی نے دعویٰ کیا کہ اس نے ہشام بن عمار سے حدیثیں سنی ہیں تو امام ابن حبان نے دریافت کیا کہ ''آپ ملکِ شام کب گئے تھے؟ مامون نے کہا: ۲۵۰ھ میں'' امام ابن حبان نے کہا: جس ہشام سے آپ روایت کرنے کا دعویٰ کرتے ہیں وہ تو ۲۴۵ھ میں فوت ہو گیا

تھا۔ [کتاب المجروحین ۳/۴۶]

معلوم ہوا کہ واضعین کی وضع کردہ روایات کا تعاقب اور ان کے دجل کا پردہ چاک کرنے کا ایک بہترین ذریعہ "تاریخ الرجال" بھی ہے۔

"الجزء المفقود"؟ کی دریافت!

حال ہی میں بریلوی مکتبِ فکر کی طرف سے "الجزء المفقود من الجزء الأول من المصنف" عربی میں اور "مصنف عبدالرزاق کی پہلی جلد کے دس گم گشتہ ابواب" اردو میں چھپے ہیں جو الجزء الموضوع کی تصویر پیش کر رہا ہے۔

استاذ محترم فضیلۃ الشیخ حافظ زبیر علی زئی حفظہ اللہ نے اس "دریافت" کی حقیقت اس وقت واضح کر دی تھی جب اس کی طباعت واشاعت کے لئے ابھی مشورے اور غور وفکر ہو رہا تھا۔ دیکھئے ماہنامہ "الحدیث" حضرو اکتوبر ۲۰۰۴ء شمارہ: ۵

استاذ محترم نے اصول حدیث کی رُو سے "قلمی اور مطبوعہ کتابوں سے استدلال کی شرائط" کے تحت اس "نو دریافت" کے متعلق مختصر مگر جامع نوٹ تحریر کیا۔

یوں "دفاع حدیث" کے سلسلے میں نہ صرف پاکستان بلکہ پورے عالمِ اسلام میں اَولاً یہ سعادت حافظ زبیر علی زئی حفظہ اللہ کے حصے میں آئی۔ ذلك فضل الله يؤتيه من يشاء

لیکن افسوس! کہ جب "مذکورہ دریافت" طباعت کے مراحل سے گزر کر قارئین کے ہاتھوں میں پہنچی تو یہ ان تمام شرائط سے یکسر خالی نظر آئی جن سے کوئی کتاب یا مخطوطہ لائق حجت ہوتا ہے۔

طباعت واشاعت کے بعد غلطیوں سے لبریز اس جعلی نسخے کے اصلی روپ کو بے نقاب کرنے کے لئے علمائے حق نے اپنے اسلاف کی یاد کو تازہ کرتے ہوئے اپنے قلم کو جنبش دے کر حقیقتِ حال کو واضح کر دیا جن میں سرِ فہرست:

فضیلۃ الشیخ حافظ زبیر علی زئی حفظہ اللہ:

''حدیثِ نور اور مصنف عبدالرزاق: ایک نئی دریافت کا جائزہ''

[دیکھئے ماہنامہ ''الحدیث'' حضرو شمارہ:۲۳]

فضیلۃ الشیخ ابوانس محمد یحییٰ گوندلوی حفظہ اللہ:

"الجزء المفقود" یا "الجزء المصنوع"

[دیکھئے ماہنامہ نداء الاسلام پشاور]

فضیلۃ الشیخ ابوصہیب محمد داود ارشد حفظہ اللہ:

''مصنف عبدالرزاق کا جزء مفقود''

[دیکھئے ماہنامہ ''محدث'' لاہور ہفت روزہ ''الاعتصام'' لاہور]

ان مضامین کی افادیت کے پیشِ نظر ان سب کو یکجا ترتیب دے کر کتابی صورت میں شائع کیا جارہا ہے۔ علاوہ ازیں عرب کے جید علمائے کرام نے بھی اس ''جعلی نسخے'' کا رد کیا ہے لہٰذا اہم فائدہ تصور کرتے ہوئے اسے بھی کتاب کے آخر میں شامل کرلیا گیا ہے۔ ہم توقع کرتے ہیں کہ قارئین اس کاوش اور جزبۂ حق پسندی کو دلائل و برہان کی روشنی میں دیکھیں گے اور جو بات اسلام کے مفاد اور قرآن وحدیث کی نصوص کے مطابق نظر آئے گی اسے تسلیم کرنے میں گروہی تعصب اور مسلکی وقار کو آڑے نہ آنے دیں گے۔

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمارے شیوخ حفظہم اللہ کی ان عظیم کوششوں کو قبول فرمائے، ان کے لئے ذریعۂ نجات اور عوام الناس کے لئے ذریعۂ ہدایت بنائے۔ (آمین)

والسلام

حافظ ندیم ظہیر

نائب مدیر ماہنامہ ''الحدیث'' حضرو

(۱۸ جون ۲۰۰۶ء)

موضوع اور من گھڑت کتابیں

حافظ زبیر علی زئی

جس طرح جدید دور میں بعض کذابین نے ''الجزء المفقود من مصنف عبدالرزاق'' کے نام سے ایک کتاب گھڑلی ہے اسی طرح پہلے اَدوار میں بھی بہت سے کذابین ومتروکین نے مختلف اجزاء اور کتابیں گھڑی ہیں جنھیں محدثینِ کرام نے علمی وتحقیقی میزان میں پرکھ کر موضوع، باطل اور مردود قرار دیا ہے۔ ان من گھڑت کتابوں میں سے بعض کتابوں اور ان کے گھڑنے والوں کا ذکر درج ذیل ہے:

① الاربعون الودعانیہ [اسے زید بن رفاعہ الہاشمی اور ابن ودعان نے گھڑا ہے، دیکھئے ذیل اللآلی المصنوعہ للسیوطی ص ۲۰۲]

② نسخہ ابی ہدبہ عن انس [اس کا راوی ابراہیم بن ہدبہ کذاب ہے۔ دیکھئے میزان الاعتدال ۱/۷۱]

③ نسخہ نبیط بن شریط [اسے احمد بن اسحاق بن ابراہیم بن نبیط بن شریط نے گھڑا ہے، دیکھئے میزان الاعتدال ۱/۷۱، ۷۲]

④ نسخہ اباء بن جعفر [اس کا راوی اباء بن جعفر کذاب ہے/ میزان الاعتدال ۱/۱۷]

⑤ مسند الربیع بن حبیب [اس کے بہت سے راویوں میں سے ربیع بن حبیب مجہول ہے، نیز دیکھئے کتب حذر منہا العلماء ج ۲ ص ۲۹۵۔۲۹۷] یہ ساری مسند موضوع ہے۔

⑥ مسند زید بن علی [اس کا راوی عمرو بن خالد الواسطی کذاب ہے]

⑦ نہج البلاغہ [بے سند کتاب ہے اور اس کا راوی شریف رضی اس کے ساتھ متہم ہے یعنی اس نے اسے گھڑا ہے۔]

⑧ تعبیر الرؤیا المنسوب الی ابن سیرین [یہ بے سند و بے ثبوت کتاب ہے]

⑨ تنویر المقباس/تفسیر ابن عباس [یہ ساری تفسیر موضوع ہے دیکھئے ماہنامہ الحدیث: ۲۴

ص۴۹تا۶۱]

⑩ المجالسۃ وجواہر العلم [اس کا راوی احمد بن مروان بن محمد الدینوری بقولِ دارقطنی: کذاب ہے دیکھئے لسان المیزان ۱/۳۰۹، اس کے بارے میں مسلمہ بن قاسم ضعیف مشبہ کا قول مردود ہے۔]

اسی طرح اور بھی بہت سی کتابیں موضوع اور من گھڑت ہیں جن سے بعض جاہل اور بدعتی حضرات استدلال کرتے رہتے ہیں۔ تفصیل کے لئے دیکھئے الشیخ الصالح ابوعبیدہ مشہور بن حسن آل سلمان کی کتاب ''کتب حذر منہا العلماء'' (۲۱ جمادی الاولیٰ ۱۴۲۷ھ)

وما علینا إلا البلاغ

قلمی اور مطبوعہ کتابوں سے استدلال کی شرائط

الحمدلله رب العالمين ، والصلوة والسلام على رسوله الأمين ، أما بعد:

قرآن مجید، اللہ تعالیٰ کی کتاب ہے جو اس نے اپنے بندے اور رسول: محمد ﷺ پر نازل فرمائی اور مسلمانوں کے ہاتھوں اور سینوں میں بعینہ ومن وعَن محفوظ ہے۔

صحیح بخاری وصحیح مسلم میں رسول اللہ ﷺ کی احادیث مبارکہ مِن وعَن اور بعینہٖ محفوظ ہیں۔ ان دونوں کتابوں کی صحت پر امت مسلمہ کا اجماع ہے۔ دیکھئے علوم الحدیث لابن الصلاح (ص ۴۱، ۴۲) واختصار علوم الحدیث (ص ۱۲۴، ۱۲۸)

شاہ ولی اللہ الدہلوی الحنفی فرماتے ہیں:

''صحیح بخاری اور صحیح مسلم کے بارے میں تمام محدثین متفق ہیں کہ ان میں تمام کی تمام متصل اور مرفوع احادیث یقیناً صحیح ہیں۔ یہ دونوں کتابیں اپنے مصنفین تک بالتواتر پہنچی ہیں، جو ان کی عظمت نہ کرے وہ بدعتی ہے جو مسلمانوں کی راہ کے خلاف چلتا ہے''

[حجۃ اللہ البالغہ، اردو: ۱/۲۴۲ مترجم: عبدالحق حقانی]

ان تینوں کتابوں کے علاوہ دنیا کی کسی کتاب سے بھی استدلال کرنے کے لئے درج ذیل شرائط کا ہونا ضروری ہے:

① صاحبِ کتاب ثقہ وصدوق ہو، مثلاً امام ابو داود (صاحب السنن) امام ترمذی (صاحب الجامع) امام نسائی (صاحب المجتبیٰ والکبریٰ) امام ابن ماجہ (صاحب السنن) امام مالک (صاحب الموطا) وغیرہم ثقہ بلکہ فوق الثقہ تھے۔

اگر صاحبِ کتاب ثقہ وصدوق نہ ہو بلکہ مجروح ومجہول وساقط العدالت ہو تو اس کی کتاب سے استدلال باطل ہو جاتا ہے مثلاً احمد بن مروان بن محمد الدینوری صاحب المجالسة و جواهر العلم (یضع الحدیث: لسان المیزان ۱/۳۰۹ وثقہ مسلمۃ ومسلمۃ

مجروح) الدولابی صاحب الکنیٰ (ضعیف) محمد بن الحسن الشیبانی صاحب الموطا (کذاب بقول ابن معین) ابوجعفر الکلینی صاحب الکافی (رافضی غیر موثق) یہ سب ساقط العدالت تھے لہٰذا ان کی کتابوں سے استدلال مردود ہے۔

۲ کتاب کے مخطوطے کا ناسخ وکاتب: ثقہ وصدوق ہو۔

حافظ ابن الصلاح الشہر زوری فرماتے ہیں:

"وهو أن يكون ناقل النسخة من الأصل غير سقيم النقل، بل صحيح النقل، قليل السقط"

اور (تیسری) شرط یہ ہے کہ اصل کتاب سے نسخے کا ناقل (کاتب وناسخ) غلط نقل کرنے والا نہ ہو، بلکہ صحیح نقل کرنے اور کم غلطیاں کرنے والا ہو۔

[علوم الحدیث لابن الصلاح ص ۳۰۳، نوع: ۲۵]

اس شرط سے معلوم ہوا کہ اگر کتاب کا کاتب غیر ثقہ یا مجہول ہو تو اس کتاب سے استدلال جائز نہیں ہے۔

حبیب الرحمٰن اعظمی دیوبندی کی تحقیق سے چھپی ہوئی مسند الحمیدی کے مخطوطے (مخطوطہ دیوبندیہ، نوشتہ ۱۳۲۴ھ) اور نسخہ سعیدیہ (نوشتہ ۱۳۱۱ھ) کے کاتبین کا ثقہ صدوق ہونا نامعلوم ہے، ان کے نسخوں کے مطالعے سے صاف واضح ہوتا ہے کہ یہ دونوں حضرات کثیر الغلط ہیں۔ مسند حمیدی للاعظمی کے نسخے کا کوئی صفحہ بھی نکالیں، غلطیوں اور تصاحیف سے بھرا ہوا ہے مثلاً:

ص ۱ پر لکھا ہوا ہے کہ "فی الأصل: یزید، والصواب زید" یعنی اس نسخے کی ابتدا ہی غلط ہے۔

ایک جگہ اعظمی صاحب خود لکھتے ہیں:

"فی الأصل: تقوت، وهی محرفة" [مسند الحمیدی ۱/۱۵ تحت ح ۲۴]

یعنی اصل میں ''تقوت'' کا لفظ محرف ہے، تحریف ہوگئی ہے۔

عرض ہے کہ ایسی محرف کتابوں سے وہی لوگ استدلال کرتے ہیں جو تحریفات واکاذیب سے محبت رکھتے ہیں۔

③ ناسخ مخطوطہ سے صاحب کتاب تک سند صحیح ہو، مثلاً:

ابن ابی حاتم الرازی کی کتاب ''اصول الدین'' کی سند، صاحب مخطوطہ سے لے کر ابن ابی حاتم تک صحیح ہے۔[دیکھئے ماہنامہ الحدیث حضرو، ج اشمارہ:۲ص۴۱]

جبکہ شرح السنۃ للبر بہاری کی سند میں دو راوی مجروح ہیں:

اول: غلام خلیل کذاب ہے۔[الحدیث:۲ص۲۵]

دوم: قاضی احمد بن کامل (روایت میں) متساہل (ضعیف) ہے۔[ایضاص۲۵]

لہٰذا اس کتاب (شرح السنۃ للبر بہاری: مطبوع ومخطوط) سے استدلال صحیح نہیں ہے۔

④ مخطوطہ (کتاب کے قلمی نسخے) کا محل وقوع، خط، تاریخ نسخ پہچاننا اور قدامت کی تحقیق ضروری ہے، جو نسخہ پرانا اور قلیل الغلط ہو، اسے بعد والے تمام نسخوں پر فوقیت حاصل ہے۔

⑤ نسخہ پر علمائے کرام اور ائمۂ دین کے سماعات ہوں، مثلاً مسند حمیدی کا مخطوطہ ظاہریہ، نسخۂ دیوبندیہ ونسخۂ سعیدیہ سے قدیم ترین (نوشتہ ۶۸۹ھ) ہے اور اس پر جلیل القدر علماء کے سماعات بھی ہیں، اور قلیل الغلط بھی ہے لہٰذا ان دونوں (دیوبندیہ وسعیدیہ) پر فوقیت حاصل ہے۔

(سماع کی جمع سماعات ہے۔ جب ایک قلمی نسخہ علمائے کرام خود پڑھتے یا انھیں سنایا جاتا تو وہ اس پر لکھ دیتے تھے کہ یہ فلاں فلاں نے پڑھا یا سنا ہے، اسے سماعات کہتے ہیں)

⑥ نسخہ علماء کے درمیان مشہور ہو۔ آج اگر کوئی شخص افغانستان، قزاقستان، گرجستان وغیرہ کے کسی کونے کھدرے سے خود ساختہ نسخہ پیش کر کے شور مچانا شروع کر دے کہ مخطوطہ مل گیا ہے تو علمی میدان میں اس کی کوئی حیثیت نہیں ہے۔

⑦ اس کتاب کے دیگر نسخوں کو مدنظر رکھا جائے مثلاً قاسم بن قطلو بغا (کذاب) نے مصنف ابن ابی شیبہ کے ایک (نامعلوم) نسخہ سے "تحت السرۃ" کے اضافے والی حدیث نقل کی ہے جبکہ مصنف ابن ابی شیبہ کے دیگر نسخوں میں یہ اضافہ قطعاً موجود نہیں ہے۔

خلیل احمد سہارنپوری دیوبندی صاحب ایک اصول سمجھاتے ہیں:

اگر ایک عبارت بعض نسخوں میں ہو اور بعض میں نہ ہو تو: ''فعلی هذا هذه العبارة مشكوك فيها'' اس طرح سے یہ عبارت مشکوک ہو جاتی ہے۔

[بذل المجہود ۴۳/۱۷۱ تحت ح:۷۴۸]

⑧ اس کتاب کی عبارات وروایات کا ان کتابوں سے مقارنہ کیا جائے جن میں اس کتاب سے روایت یا نقل موجود ہے، مثلاً سنن ابی داود کی احادیث کا السنن الکبریٰ للبیہقی میں احادیث ابی داود سے مقارنہ ومقابلہ کیا جائے۔ امام بیہقی اپنی سند کے ساتھ امام ابوداؤد سے روایتیں نقل کرتے ہیں۔

⑨ یہ بھی شرط ہے کہ علمائے کرام اور محدثین عظام نے نسخہ مذکورہ پر طعن وجرح نہ کر رکھی ہو۔

⑩ صاحب کتاب سے اگر کتاب صحیح وثابت ہو تو پھر بھی یہ شرط ضروری ہے:

صاحب کتاب سے کر صاحبِ قول یا صاحبِ روایت تک سند صحیح یا حسن لذاتہ ہو۔ ان شرائط میں اگر ایک شرط بھی موجود نہ ہو تو اس کتاب کی روایت اسے استدلال کرنا باطل ومردود ہو جاتا ہے۔

تنبیہ: محمد محبّ اللہ نوری بریلوی نے دعویٰ کیا ہے:

''حال ہی میں فضیلۃ الشیخ عیسیٰ مانع (سابق منسٹر اوقاف دبئی) اور اہلسنت کے نام ور عالم دین اور محقق حضرت علامہ محمد عباس رضوی کی جستجو سے ''مصنف عبدالرزاق'' کا مخطوطہ افغانستان سے دستیاب ہوا ہے، جس میں ''تخلیق نور

محمدی'' پر مستقل باب موجود ہے اور اس میں ''حدیث جابر'' کم وبیش پانچ سندوں کے ساتھ درج ہے۔ کیا ہی اچھا ہو کہ کوئی اشاعتی ادارہ اس مخطوطہ کی شایان شان اشاعت کا اہتمام کردے''

[ماہنامہ اہلسنت گجرات، اگست 2003ء ص 4]

عرض ہے کہ بریلوی و دیوبندی دونوں گروہ، اہل سنت نہیں ہیں، ان کے اصول وعقائد اہل سنت سے مختلف ہیں:

تنبیہ: بریلوی ودیوبندی حضرات حنفی بھی نہیں ہیں۔

مصنف عبد الرزاق کے اس نو دریافت شدہ مخطوطے سے استدلال اسی وقت کیا جاسکتا ہے جب اس میں درج ذیل شرائط موجود ہوں:

① ناسخ مخطوطہ ثقہ وصدوق ہو۔

② اس بات کا ثبوت ہو کہ یہ مخطوطہ واقعی اسی ناسخ نے لکھا ہے۔

③ صاحب ناسخ مخطوطہ سے لے کر امام عبدالرزاق تک سند صحیح وحسن ہو۔

④ امام عبدالرزاق سے لے کر رسول اللہ ﷺ یا صاحبِ قول تک سند صحیح وحسن ہو۔

⑤ اس مخطوطے میں وہ تمام شرائط موجود ہوں جن کا تذکرہ، اس مضمون میں کیا گیا ہے۔

دو من گھڑت کتابیں

آخر میں دو من گھڑت، موضوع اور باطل کتابوں کا ذکر پیش خدمت ہے جو دو مشہور اماموں سے منسوب کردی گئی ہیں، حالانکہ یہ دونوں امام ان دو کتابوں سے بری ہیں۔

❶ الفقه الأكبر ، المنسوب إلى الإمام الشافعي رحمه الله

امام شافعی رحمہ اللہ کے ساتھ ''الفقه الأكبر'' کے نام سے ایک کتاب منسوب کی گئی ہے جسے'' الكوكب الأزهر شرح الفقه الأكبر'' کے نام سے مصطفیٰ احمد الباز نے ''المكتبة التجارية ، مكة مكرمة'' سعودی عرب سے شائع کیا ہے۔

اس کتاب کے موضوع و من گھڑت ہونے کے چند دلائل درج ذیل ہیں:

① اس کا ناسخ (کاتب) نامعلوم ہے۔

② ناسخ سے لے کر امام شافعی تک سند نامعلوم ہے۔

③ مصطفیٰ البازوالے نسخہ میں اس کتاب کے نسخوں کا تعارف مختصراً درج ذیل ہے:

۱۔ مطبوعہ ۱۹۰۰ء

۲۔ نسخہ محمد بن عبداللہ بن احمد الراوی (مجہول) جدید دور کا لکھا ہوا؟

۳۔ شہاب الدین بن احمد بن مصلح البصری، متوفی ۹۸۶ھ (؟) کا لکھا ہوا نسخہ؟

۴۔ احمد بن الشیخ درویش الخطیب کا لکھا ہوا (جدید) نسخہ؟

۵۔ غیر مسلم: کارل بروکلی نے اس کتاب کو امام شافعی کی طرف منسوب کیا ہے۔

معلوم ہوا کہ یہ سب نسخے بے اصل اور مردود ہیں۔

حاجی خلیفہ صاحب لکھتے ہیں:

"لكن فيه شك والظن الغالب أنه من تأليف بعض أكابر العلماء"

لیکن (امام شافعی کی طرف) اس (کی نسبت) میں شک ہے اور ظن غالب یہی ہے کہ یہ بعض اکابر علماء کی تصنیف ہے۔ [کشف الظنون ۲/۱۲۸۸]

یہ اکابر علماء کا بعض: مجہول ہے۔

مشہور عربی محقق ابوعبیدہ مشہور بن حسن آل سلمان لکھتے ہیں:

"الفقه الأكبر : المكذوب على الإمام محمد بن إدريس الشافعي"

الفقہ الاکبر، امام شافعی پر مکذوب (جھوٹ) ہے۔ [کتب حذر منہا العلماء: ۲/۲۹۳]

شیخ صالح المقبلی نے بھی اس کتاب کے تصنیف الشافعی ہونے کا انکار کیا ہے دیکھئے "العلم الشامخ فی ایثار الحق علی الآباء والمشائخ" ص ۱۸۰

④ امام شافعی کے شاگردوں اور متقدمین جیسے بیہقی وغیرہ، نے اس کتاب کا کوئی ذکر نہیں کیا۔

لطیفہ: الکوکب الازھر شرح الفقہ الاکبر، المکذوب علی الشافعی رحمہ اللہ، میں لکھا ہوا ہے:

"ولا یکفی إیمان المقلد" اور (عقائد واصول دین میں) مقلد کا ایمان کافی نہیں ہے۔[ص۴۲]

۲ الفقه الأكبر المنسوب إلى الإمام أبي حنيفة رحمه الله

ملا علی قاری کی شرح کے ساتھ الفقہ الاکبر کا جو نسخہ مطبوعہ ہے اس کے شروع میں نسخہ کے راوی، ناسخ اور ناسخ سے امام ابوحنیفہ تک کوئی سند موجود نہیں ہے۔ حاجی خلیفہ نے لکھا ہے: "روی عنه أبو مطيع البلخي" اسے (امام ابوحنیفہ سے) ابومطیع البلخی نے روایت کیا ہے۔[کشف الظنون: ۲/۱۲۸۷]

ابومطیع الحکم بن عبداللہ البلخی جمہور محدثین کے نزدیک مجروح ہے۔ اسے ابن معین، بخاری اور نسائی (کتاب الضعفاء والمتروکین: ۶۵۴) وغیرہم نے ضعیف کہا۔

ایک حدیث کے بارے میں حافظ ذہبی نے فرمایا: "فهذا وضعه أبو مطيع على حماد" اسے ابومطیع نے حماد (بن سلمہ) پر گھڑا ہے۔[میزان الاعتدال: ۳/۴۲ ت ۵۵۲۳]

یعنی ابومطیع وضاع (حدیثیں گھڑنے والا تھا) ابومطیع سے نیچے، اس نسخے کی سند نامعلوم ہے۔

ایک ملا صاحب نے اس کتاب کی ایک دوسری سند فٹ کر رکھی ہے۔

[دیکھئے مجموعہ الرسائل العشرۃ ص ۱۷]

اس سند میں بہت سے راوی (نصر بن یحییٰ البلخی، علی بن احمد الفارسی، علی بن الحسین الغزالی، نصران بن نصر الختلی اور حسین بن الحسین الکاشغری وغیرہم) مجہول، غیر معروف اور نامعلوم التوثیق ہیں۔

اس سند کا بنیادی راوی: ملا صاحب مجہول ہے۔ خلاصہ یہ کہ یہ سند بھی موضوع و باطل ہے۔

تنبیہ: اس موضوع رسالے "الفقه الأكبر" میں لکھا ہوا ہے:

"فما ذكر الله تعالى في القرآن من ذكر الوجه واليد والنفس

فهو صفات بلا كيف ولا يقال :أن يده قدرته ونعمته لأن فيه ابطال الصفة و هو قول أهل القدر والإعتزال ولكن يده صفته بلا كيف "

پس اللہ تعالیٰ نے قرآن میں وجہ (چہرہ) ید (ہاتھ) اور نفس (جان) کا جو ذکر کیا ہے وہ اس کی بلا کیف صفتیں ہیں اور یہ نہیں کہنا چاہئے کہ اس کا ہاتھ اس کی قدرت اور نعمت ہے کیونکہ اس (کہنے) میں صفت کا ابطال ہے اور یہ قول قدریوں اور معتزلہ کا ہے، لیکن (کہنا یہ چاہئے کہ) اس (اللہ) کا ہاتھ اس کی صفت ہے بلا کیف۔ [ص ۱۹ ومع شرح القاری ص ۳۶، ۳۷]

اس کے برخلاف خلیل احمد سہارنپوری دیوبندی فرماتے ہیں:

''مثلاً یہ کہ ممکن ہے استواء سے مراد غلبہ ہو اور ہاتھ سے مراد (قدرت) تو یہ بھی ہمارے نزدیک حق ہے۔''

[المہند ص ۴۲ جواب سوال: ۱۳، ۱۴، بدعتی کے پیچھے نماز کا حکم ص ۱۸]

معلوم ہوا کہ اس کتاب (الفقہ الاکبر) کے مطابق دیوبندی حضرات معتزلہ کے مذہب پر ہیں۔

❸ امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ سے منسوب کتاب ''الصلوٰۃ'' ان سے ثابت ہی نہیں ہے۔

حافظ ذہبی فرماتے ہیں:

"وكتاب : الرسالة فى الصلوة ، قلت : هو موضوع على الإمام "

یعنی یہ کتاب موضوع (اور من گھڑت) طور پر امام (احمد) سے منسوب کر دی گئی ہے۔

[سیر اعلام النبلاء: ۱۱/۳۳۰]

تنبیہ: نماز نبوی کے مقدمۃ التحقیق (ص ۱۸) میں ''اور امام احمد بن محمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ (متوفی ۲۴۱) کی کتاب الصلوٰۃ وغیرہ'' کے الفاظ دار السلام والوں کی غلطی کی وجہ سے چھپ گئے ہیں۔ میں اس عبارت سے بری ہوں، مدیر مکتبہ دار السلام نے اس عبارت مذکورہ کے بارے میں اپنے پیڈ پر لکھ کر دیا ہے کہ '' تسامح کی وجہ سے چھپ گئی ہے۔ جس پر ادارہ

مقدمۃ التحقیق کے مؤلف سے معذرت خواہ ہے ،عبد العظیم اسد ، دار السلام لاہور ۱۸/۸/۲۰۰۰''

اس معذرت نامہ کی اصل میرے پاس محفوظ ہے۔

(۴) امام مالک (کے مذہب) سے منسوب '' المدونة الکبریٰ '' غیر مستند کتاب ہے دیکھئے میری کتاب ''القول المتین فی الجهر با لتأمین '' (ص ۴۳) وسیر اعلام النبلاء (۲۰۶/۱۴) اور العبر فی خبر من غبر (۱۲۲/۲)

[ماہنامہ الحدیث حضرو: ۵ شعبان ۱۴۲۵ھ، اکتوبر ۲۰۰۴ء]

حافظ زبیر علی زئی

حدیث نور اور مصنف عبدالرزاق: ایک نئی دریافت کا جائزہ

الحمد لله رب العالمين والصلوة والسلام على رسوله الأمين ، أما بعد:

مصنف عبدالرزاق کے نام سے حدیث کی ایک مشہور کتاب مطبوع اور متداول ہے۔

سنہ ۱۴۲۵ھ بمطابق ۲۰۰۵م ایک چھوٹی سی کتاب "الجزء المفقود من الجزء الأول من المصنف" کے نام سے محمد عبدالحکیم شرف القادری (بریلوی) کی تقدیم اور عیسیٰ بن عبداللہ بن محمد بن مانع الحمیری (؟) کی تحقیق کے ساتھ (بریلویوں کے) مؤسسۃ الشرق لاہور پاکستان سے شائع ہوئی ہے۔ اس نسخہ میں چالیس (۴۰) احادیث و آثار لکھے ہوئے ہیں۔ بریلوی حضرات اس میں درج حدیثِ نور کی وجہ سے خوشیاں منا رہے ہیں حالانکہ قلمی اور مطبوع کتابوں سے استدلال کی کئی شرطیں ہیں جن میں سے بعض کا ذکر راقم الحروف نے توضیح الاحکام میں کیا ہے۔ [دیکھئے "الحدیث" حضرو: ۵ ص ۱۶ تا ۲۲]

اب اس مضمون میں اس "الجزء المفقود" کا جائزہ پیشِ خدمت ہے۔

بریلویوں کا شائع کردہ یہ "الجزء المفقود" سارے کا سارا موضوع اور من گھڑت ہے۔

اس کے موضوع اور من گھڑت ہونے کے دلائل درج ذیل ہیں:

① اس نسخہ کا ناسخ (لکھنے والا) اسحاق بن عبدالرحمٰن السلیمانی ہے جس کے خط (تاریخ نسخ ۹۳۳ھ) سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ شخص دسویں صدی ہجری میں موجود تھا۔

[دیکھئے الجزء المفقود ص ۱۰]

اس شخص کے حالات اور ثقہ و صدوق ہونا نامعلوم ہے لہٰذا یہ شخص مجہول ہے۔

② دسویں صدی ہجری والے اسحاق بن عبدالرحمٰن السلیمانی نے اپنے آپ سے لے کر امام عبدالرزاق رحمہ اللہ (صاحب المصنف) تک کوئی سند بیان نہیں کی اور نہ یہ بتایا ہے کہ

اس نے یہ نسخہ کہاں سے نقل کیا ہے لہٰذا یہ سارے کا سارا نسخہ بے سند ہے۔

③ اس بات کا کوئی ثبوت نہیں ہے کہ یہ نسخہ کہاں کہاں اور کس کس کے پاس رہا ہے۔ حدیث کی کتابوں کے معتبر نسخوں پر علمائے کرام کے سماعات درج ہوتے ہیں۔ یعنی فلاں عالم نے یہ نسخہ فلاں تاریخ کو فلاں عالم سے سنا تھا۔ مثلاً دیکھئے مخطوطہ مسند الحمیدی (الظاہریہ) پہلا صفحہ اور میری کتاب ''نور العینین'' ص ۲۵۰ (طبع سوم ۲۰۰۴ء)

جبکہ اس کے برعکس ''الجزء المفقود'' کے مقدمہ میں لکھا ہوا ہے:

"وليس على النسخة التى بين يدينا أية سماعات"

ہمارے ہاتھوں میں (یہ) جو نسخہ موجود ہے اس پر کوئی سماعات نہیں ہیں۔ [دیکھئے ص ۱۴]

④ دار الکتب العلمیۃ بیروت لبنان سے مصنف عبدالرزاق کا جو نسخہ شائع ہوا ہے اسے پانچ نسخوں سے شائع کیا گیا ہے۔

اول: مراد ملا کا نسخہ (ترکی) یہ (تقریباً) مکمل نسخہ ہے اور ۷۴۷ھ کا لکھا ہوا ہے۔ [المصنف جلد ۱ ص ۱۱]

دوم: فیض اللہ افندی کا نسخہ (ترکی) یہ نامکمل نسخہ ہے اور ۶۰۶ھ کا لکھا ہوا ہے۔ [جلد ۱ ص ۱۱]

سوم: شیخ محمد نصیف کا نسخہ (جدہ) یہ نامکمل نسخہ ہے اور نویں صدی ہجری کا لکھا ہوا ہے۔ [ایضاً ج ۱ ص ۱۲]

چہارم: المکتبۃ السعیدیۃ العامہ کا نسخہ (تونک) یہ ناقص نسخہ ہے اور ۱۳۷۳ھ کا لکھا ہوا ہے۔

پنجم: حبیب الرحمٰن اعظمی کی تحقیق والا مطبوعہ نسخہ، اسے مراد ملا والے نسخہ سے شائع کیا گیا ہے۔

معلوم ہوا کہ نسخہ بریلویہ پر سماعات کا نہ ہونا، کاتب نسخہ کا مجہول ہونا اور نسخہ کا بے سند ہونا اس نسخہ کے مشکوک اور بے اصل ہونے کے لئے کافی ہے۔

⑤ اس نسخہ (نسخۂ بریلویہ) کے مقدمہ نگار نے یہ دعویٰ کیا ہے کہ یہ نسخہ مطبوعہ نسخہ سے زیادہ مضبوط نسخہ ہے۔ [دیکھئے ص ۱۱]

حالانکہ یہ نسخہ فاش غلطیوں والا ہے۔

مثال: بریلویوں کے "الجزء المفقود" میں لکھا ہوا ہے:

"عبدالرزاق عن ابن جریج قال: أخبرنی البراء قال ..." الخ

[ص ۵۵ ح ۲]

اس روایت میں امام ابن جریج سے منقول ہے کہ انھوں نے فرمایا: مجھے براء (بن عازب رضی اللہ عنہ) نے خبر دی۔ الخ

"الجزء المفقود" کا محقق (عیسیٰ الحمیری) لکھتا ہے:

"ابن جریج حافظ ثقة وكان يدلس ، فقد صرح هنا بالإخبار"

ابن جریج حافظ ثقہ ہیں، آپ تدلیس کرتے تھے، پس آپ نے یہاں سماع کی تصریح کر دی ہے۔ [حاشیہ: ۱]

عرض ہے کہ ابن جریج رحمہ اللہ ۸۰ھ میں پیدا ہوئے۔ [طبقات ابن سعد ج ۵ ص ۴۹۲]

جبکہ سیدنا البراء رضی اللہ عنہ ۷۲ھ میں فوت ہوئے۔ [تقریب التہذیب: ۲۴۸]

سیدنا البراء بن عازب رضی اللہ عنہ کی وفات کے آٹھ سال بعد پیدا ہونے والے امام ابن جریج یہ کس طرح کہہ سکتے ہیں "أخبرنی البراء" مجھے براء نے خبر دی۔ (!)

لطیفہ: الجزء المفقود کے محقق نے اپنے الفاظ بھول کر دوسرے مقام پر لکھا ہے:

"الحديث بإسناده انقطاع ، لأن ابن جريج لم يدرك البراء"

اس حدیث کی سند میں انقطاع ہے کیونکہ ابن جریج نے براء کو نہیں پایا۔

[ص ۵۹ ح ۱۰ کا حاشیہ: ۳]

جب ابن جریج نے سیدنا براء رضی اللہ عنہ کو نہیں پایا تو وہ تصریح سماع کس طرح کر سکتے ہیں؟

⑥ الجزء المفقود میں لکھا ہوا ہے:

" عبدالرزاق قال: أخبرنی الزهري عن سفيان بن شبرمة ..."

[ص ۸۸ ح ۲۸]

اس روایت میں امام عبدالرزاق، زہری سے سماع کی تصریح کر رہے ہیں حالانکہ امام زہری ۱۲۵ھ یا اس سے ایک دو سال پہلے فوت ہوئے۔ [دیکھئے تقریب التہذیب: ۶۲۹۶]

اور امام عبدالرزاق ۱۲۶ھ میں پیدا ہوئے۔ [تقریب التہذیب: ۴۰۶۴]

امام زہری کی وفات کے ایک سال بعد پیدا ہونے والے امام عبدالرزاق کس طرح "أخبرني الزهري" کہہ سکتے ہیں؟

لطیفہ: اسی کتاب کے ایک دوسرے مقام پر "محقق" صاحب لکھتے ہیں:

" هذا الإسناد فيه انقطاع بين عبدالرزاق والزهري"

اور اس سند میں عبدالرزاق اور زہری کے درمیان انقطاع ہے۔

[ص ۹۴ ح ۴۰ کا حاشیہ: ۳]

⑦ سابقہ نمبر میں جو روایت لکھی ہوئی ہے۔ اس کے راوی "سفيان بن شبرمة" کے حالات معلوم نہیں ہیں۔ صحیح یہ ہے کہ یہ "سفيان عن ابن شبرمة" ہے۔ جیسا کہ مصنف ابن ابی شیبہ (۱/۱۵ ح ۱۳۲) میں لکھا ہوا ہے۔ یعنی سفیان الثوری عن عبداللہ بن شبرمۃ

میں جناب محمد عبدالحکیم شرف القادری (بریلوی) اور تمام آل بریلی سے پوچھتا ہوں کہ "سفيان بن شبرمة" کون ہے؟ اگر یہ کاتب یا کمپوزر کی غلطی ہے تو پھر غلطیوں والے اس بے سند نسخہ پر آپ کیوں خوشیاں منا رہے ہیں؟

⑧ امام زہری المدنی کی تاریخ ولادت میں اختلاف ہے۔ بعض کہتے ہیں ۵۰ یا ۵۱

امام یحییٰ بن عبداللہ بن بکیر (پیدائش: ۱۵۴ھ وفات: ۲۳۱ھ) تلمیذ امام لیث بن سعد فرماتے ہیں کہ زہری ۵۶ھ میں پیدا ہوئے۔ [تاریخ دمشق ۵۸/۲۲۸ وسندہ صحیح، الزہری لابن عساکر ص ۳۶ ح ۱۰]

سیدنا عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ ۶۰ھ کے قریب فوت ہوئے۔[تقریب التہذیب:۴۶۴۱]

آپ کی قبر مقطم (مصر) میں ہے۔[سیر اعلام النبلاء ج ۲ ص ۴۶۸]

یعنی آپ مصر میں فوت ہوئے!

الجزء المفقود میں لکھا ہوا ہے:

''عن ابن جریج عن الزهري أنه سمع عقبةبن عامر.....''[ص ۸۴ ح ۲۴]

حالانکہ (مدینہ طیبہ میں پیدا ہونے والے) امام زہری کی عقبہ رضی اللہ عنہ سے ملاقات ثابت نہیں ہے۔

حافظ نورالدین الہیثمی لکھتے ہیں:

''والزهري لم يسمع من عقبة بن عامر''

اور زہری نے عقبہ بن عامر سے (کچھ) نہیں سنا۔

[مجمع الزوائد ج ۱ ص ۳۳۱، آخر: باب فضل الاذان]

معلوم ہوا ''الجزء المفقود'' کے مجہول ناسخ نے اس بے سند نسخے میں ایک سند وضع کر کے امام زہری پر جھوٹ بول رکھا ہے کہ انھوں نے سیدنا عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے سنا ہے!

۹ الجزء المفقود میں لکھا ہوا ہے:

"عبد الرزاق عن معمر عن الزهري عن أبي سعيد الخدري عن أبيه عن جده عن أبي سعيد" إلخ (ص ۸۰، ۸۱ ح ۲۰)

اس روایت میں بقول اسحاق بن عبدالرحمٰن السلیمانی: امام زہری سیدنا ابوسعید الخدری (سعد بن مالک بن سنان الانصاری) رضی اللہ عنہ عن ابیہ (مالک بن سنان) عن جدہ (سنان بن عبید) عن ابی سعید سے روایت کر رہے ہیں حالانکہ سیدنا ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ کے دادا سنان بن عبید کا صحابہ میں کوئی ذکر موجود نہیں ہے اور نہ سنان بن عبید کے استاد ابوسعید کا کہیں تذکرہ ملتا ہے۔ الجزء المفقود کے ''محقق'' نے ابوسعید الخدری عن ابیہ عن جدہ عن ابی سعید میں

ابوسعید الخدری کو ربیح (ربیح) بن عبدالرحمٰن بن ابی سعید بنا دیا ہے حالانکہ ربیح کی کنیت ابوسعید، معلوم نہیں ہے اور نہ اس کے شاگردوں میں امام زہری کا کوئی ذکر ملتا ہے۔

[دیکھئے تہذیب الکمال ج ۶ ص ۱۲۴]

⑩ احادیث کی کتابوں میں عام طور پر یہ ہوتا ہے کہ ان کی روایات (سندیں اور متون) دوسری کتابوں میں بھی ملتی ہیں۔ مثلاً مصنف عبدالرزاق کی پہلی متصل مرفوع حدیث "عبد الرزاق عن مالك عن عمرو بن يحيى عن أبيه عن عبد الله بن زيد" کی سند سے مروی ہے۔ یہی روایت امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ نے "حدثنا عبد الرزاق قال: أخبرنا مالك عن عمرو بن يحيى عن أبيه عن عبد الله بن زيد" کی سند سے اسی متن کے ساتھ بیان کر رکھی ہے۔ [مسند احمد ج ۴ ص ۳۹ ح ۱۶۴۳۸ وسندہ صحیح]

عبدالرزاق کی سند سے یہ روایت صحیح ابن خزیمہ میں بھی موجود ہے۔ [۱/۸۰ ح ۱۵۵]

امام مالک "عن عمرو بن يحيىٰ عن أبيه عن عبدالله بن زيد" کی سند سے یہی روایت موطا امام مالک (۱/۱۸ ح ۳۱) و صحیح بخاری (۱۸۵) و صحیح مسلم (۲۳۵) میں موجود ہے۔ جب کہ بریلویوں کی پیش کردہ روایات الجزء المفقود کا وجود حدیث کی دوسری باسند کتابوں میں نہیں ملتا۔ معلوم ہوا کہ دال میں ضرور کچھ کالا کالا ہے۔

ان دس دلائل سے معلوم ہوا کہ "الجزء المفقود" کے نام سے مطبوع کتاب بے اصل، بے سند اور موضوع ہے۔ لہٰذا اس سے استدلال کرنا حلال نہیں ہے۔

امام عبدالرزاق بن ہمام الصنعانی رحمۃ اللہ علیہ

اس میں کوئی شک نہیں کہ امام عبدالرزاق رحمہ اللہ (متوفی ۲۱۱ھ) ثقہ حافظ امام تھے۔ جمہور محدثین نے ان کی توثیق کی ہے لیکن ثقہ ہونے کے ساتھ وہ مدلس بھی تھے۔ ان کی تدلیس کے لئے دیکھئے کتاب الضعفاء للعقیلی (ج ۳ ص ۱۱۰، ۱۱۱ وسندہ صحیح) و طبقات المدلسین للحافظ ابن حجر رحمہ اللہ۔

❶ مدلس راوی کے بارے میں یہ عام اصول ہے کہ غیر صحیحین میں اس کی ''عن'' والی روایت ضعیف ومردود ہوتی ہے، لہٰذا اگر یہ من گھڑت اور موضوع '' الجزء المفقود '' (بفرض محال) ثابت بھی ہوتا تو اس میں نور والی روایات باطل اور مردود ہیں۔

❷ امام عبدالرزاق آخری عمر میں نابینا ہونے کے بعد اختلاط کا شکار ہو گئے تھے۔

[دیکھئے الکواکب النیرات ص ۵۳ ت ۳۴]

امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ہم ۲۰۰ھ سے پہلے عبدالرزاق کے پاس آئے تھے، اس وقت ان کی نظر صحیح تھی۔ جس نے ان کی نظر ختم ہونے کے بعد ان سے سنا ہے تو اس شخص کا سماع ضعیف ہے۔ [تاریخ ابی زرعہ الدمشقی: ۱۱۶۰ وسندہ صحیح]

امام احمد نے مزید فرمایا کہ ''لا یعبأ بحدیث من سمع منه وقد ذهب بصره، کان یلقن أحادیث باطلة '' جس نے اس کے نابینا ہونے کے بعد اس سے احادیث سنی ہیں ان کا کوئی اعتبار نہیں ہے۔ وہ باطل حدیثوں کی تلقین قبول کر لیتے (اور انھیں بیان کر دیتے) تھے۔ [سوالات ابن ہانی ۲۲۸۵ وسندہ صحیح]

اس مطبوعہ بے سند نسخے میں عبدالرزاق کا شاگرد ہی معلوم نہیں ہے لہٰذا اس پر کس طرح اعتماد کیا جا سکتا ہے؟ وما علینا إلا البلاغ (۱۳ محرم ۱۴۲۷ھ)

[ماہنامہ الحدیث حضرو: ۲۳ ربیع الاول ۱۴۲۷ھ، اپریل ۲۰۰۶ء]

حافظ زبیر علی زئی

''الجزء المفقود'' کا جعلی نسخہ اور انٹرنیٹ پر اس کا رد

الحمد لله رب العالمين والصلوة والسلام على رسوله الأمين ، أما بعد:

نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے:

((من يقل عليّ مالم أقل فليتبوأ مقعده من النار))

جو شخص مجھ پر ایسی بات کہے جو میں نے نہیں کہی تو وہ اپنا ٹھکانا (جہنم کی) آگ میں بنالے۔ [صحیح بخاری:۱۰۹]

آپ ﷺ نے فرمایا:

((ومن كذب عليّ متعمدًا فليتبوأ مقعده من النار))

جس نے جان بوجھ کر مجھ پر جھوٹ بولا تو وہ اپنا ٹھکانا (جہنم کی) آگ میں بنا لے۔ [صحیح بخاری:۱۱۰ وصحیح مسلم:۳]

اتنی شدید وعید کے باوجود بہت سے لوگ بغیر کسی خوف کے، نبی کریم ﷺ پر جھوٹ بولتے تھے اور بول رہے ہیں گویا وہ اللہ کی پکڑ سے کلیتاً غافل ہیں۔

حافظ ابن حزم اندلسی (متوفی ۴۵۶ھ) لکھتے ہیں:

"وأما الوضع في الحديث فباقٍ ما دام إبليس وأتباعه في الأرض"

اس وقت تک وضعِ حدیث (کا فتنہ) باقی رہے گا جب تک ابلیس اور اُس کے پیروکار رُوئے زمین پر موجود ہیں۔ [المحلی ۹/۳ امسألۃ:۱۵۱۴]

مجھے جب معلوم ہوا کہ بریلویوں نے مصنف عبدالرزاق کا ایک نرالا نسخہ دریافت کرنے کا دعویٰ کر کے ''حدیثِ نور'' پیش کر دی ہے تو میں نے ماہنامہ الحدیث:۵ (ص ۱۶ تا ۲۲) میں ایک سوال کے جواب میں ایک تحقیقی مضمون لکھا جس میں قلمی اور مطبوعہ کتابوں سے استدلال کی شرائط اور دو من گھڑت کتابوں کا ذکر کیا۔ ہمارے علم کے مطابق اس مضمون

کا جواب کسی حلقے سے نہیں آیا۔ بعد میں ''الجزء المفقود من الجزء الأول من المصنف '' کے نام سے بریلوی من گھڑت نسخہ مل گیا تو راقم الحروف نے اس کا تفصیلی ومدلل رد لکھا جو الحدیث:۲۳ (ص۲۲ تا ۲۵) میں شائع ہوا۔

اب صادق آباد (پنجاب) والے محمد زبیر صاحب اور حافظ ثناء اللہ الزاہدی حفظہ اللہ کے ذریعے معلوم ہوا کہ انٹرنیٹ پر اس من گھڑت کتاب کا تفصیلی رد لکھا گیا ہے لہٰذا کوشش کر کے انٹرنیٹ سے یہ رد حاصل کر لیا۔ یہ رد جزیرۃ العرب کے (نوجوان عالم) محمد زیاد بن عمر التکلۃ نے '' دفاع عن النبی ﷺ وسنته المطهرة وكشف تواطؤ عيسى الحميري ومحمود سعيد ممدوح على وضع الحديث ''اور ''تفنيد القطعة المكذوبة التي أخرجاها ونسباها لمصنف عبدالرزاق '' کے نام سے ۱۳ محرم ۱۴۲۷ھ کو چونتیس (۳۴) صفحات میں انٹرنیٹ پر شائع کیا ہے۔

اس رد کے بعض اہم دلائل کا خلاصہ درج ذیل ہے:

① جزیرۃ العرب کے بڑے علماء مثلاً شیخ سعد الحمید، شیخ خالد الدریس اور شیخ احمد عاشور وغیرہم یہ کہتے ہیں کہ یہ ''الجزء المفقود '' سارے کا سارا موضوع ہے۔ [دیکھئے ص۳]

② عیسیٰ بن عبداللہ بن محمد بن مانع الحمیری جہمی قبوری (قبر پرست) اور خرافی (خرافیات بیان کرنے والا) ہے۔ اس نے ایک کتاب لکھی ہے ''البدعة أصل من أصول التشريع '' یعنی (اس کے نزدیک) شریعت کے اصول میں سے ایک اصل بدعت ہے۔ (!)

[دیکھئے ص۵]

③ دبئی کے رہنے والے شیخ ادیب الکمدانی جو کہ علمِ حدیث اور مخطوطات کے ماہر ہیں، انھوں نے جب عیسیٰ الحمیری کے پاس ''مخطوطہ'' دیکھا تو کہا: '' إنه مَوْضوع حديثًا جدًا بالنظر لورقه وخطه '' یہ نسخہ تازہ تازہ گھڑا گیا ہے جیسا کہ اس کے اوراق اور خط سے ظاہر ہوتا ہے۔ [ص۷]

شیخ ادیب الکمدانی نے کہا: ''إنني لا أعطي للمخطوط عمرًا أكثر من

سنتين أو نحو ذلك ''میں سمجھتا ہوں کہ یہ مخطوطہ دوسال یا ان کے قریب کا ہی لکھا ہوا ہے۔[ص ۷]

شیخ محمد زیاد نے کہا: ''أفاد الشيخ الكمداني أنه رآه بورق حديث وخط طري! وأنه لما طولب واضعه الهندي بأصل نسخته أفاد أنه استنسخها من مكتبة بالإتحاد السوفيتي وأنها احترقت ! فبطل أمر المخطوط أصلاً وبان كذب ماجاء فيها أنه نسخت سنة ۹۳۳ في بغداد ''شیخ کمدانی نے بتایا کہ انھوں نے یہ مخطوطہ دیکھا ہے یہ جدید کاغذ پر تازہ خط کے ساتھ لکھا ہوا ہے اور جب اس کے ہندی (پاکستانی) گھڑنے والے سے اصل نسخے کا مطالبہ کیا گیا تو اس نے بتایا کہ اس نے اسے سویت یونین کے کسی مکتبے سے نقل کیا ہے جو کہ جل گیا ہے!۔ مخطوطے کی بات تو اصلاً ہی باطل ہوگئی اور ظاہر ہو گیا کہ یہ جھوٹ ہے کہ یہ نسخہ ۹۳۳ میں بغداد میں لکھا گیا ہے۔[ص ۱۳]

④ مخطوطے کا خط دسویں صدی ہجری کا خط نہیں ہے بلکہ تازہ خط ہے جسے کسی معاصر آدمی نے لکھا ہے۔[ص ۱۲]

شیخ عبدالقدوس نذیر الہندی گواہی دیتے ہیں کہ یہ خط پاکستان و ہندوستان کے کسی معاصر (ہمارے دور کے آدمی) کا لکھا ہوا ہے۔ اور یہی بات شیخ عمر بن سلیمان الحفیان نے کہی ہے جنھوں نے مصر سے مخطوطات میں ایم اے کیا ہے۔[ص ۱۲]

⑤ عیسیٰ الحمیری کا یہ کہنا کہ اس کا (یہ من گھڑت) نسخہ بہت زیادہ صحیح ہے، سرے سے غلط ہے۔ اس (من گھڑت) نسخے کی پہلی حدیث میں صحابی سائب بن یزید رضی اللہ عنہ کا نام سائب بن زید لکھا ہوا ہے جو کہ غلط ہے۔[ص ۱۳] دیکھئے الجزء المفقود (ص ۵۲ حاشیہ:۱)

⑥ اس من گھڑت نسخے کے شروع میں ''کتاب الایمان'' کا باب لکھا ہوا ہے جب کہ حاجی خلیفہ چلپی (حنفی) نے لکھا ہے: ''مرتباً على الكتب والأبواب على ترتيب الفقه ''

(یہ مصنف) فقہی ترتیب کے لحاظ سے کتابوں اور ابواب پر مرتب ہے۔[کشف الظنون ج۲ص۱۷۱۲]

ابن خیر الاشبیلی نے اپنی (کتاب) فہرست (ص ۱۲۹) میں لکھا ہے کہ مصنف عبدالرزاق کی ابتدا کتاب الطہارۃ سے ہوتی ہے۔[الردعلی "الجزء المفقود" ص۱۶]

۷ اس جعلی "مصنف" میں عجمیوں کے انداز میں عربی تراکیب بنائی گئی ہیں مثلاً: "اللھم صل علی من تفتقت من نور الأزھار زاد ماء وجھه" [الجزء المفقود: ۱۱، والرد ص۲۱]

۸ محمود سعید ممدوح کے استاد عبداللہ الغماری نے کہا: "اس روایت کا عبدالرزاق کی طرف منسوب کرنا غلط ہے۔ یہ عبدالرزاق کے مصنف، جامع اور تفسیر میں موجود نہیں ہے اور یہ روایت قطعاً موضوع ہے۔ اس میں صوفیوں کی اصطلاحات پائی جاتی ہیں اور عصرِ حاضر میں بعض شنقیطیوں نے اس کی سند ابن المنکدر عن جابر بنالی ہے۔"

[مرشد الحائر لبیان وضع حدیث جابر/ الرد ص۲۵]

۹ اس جعلی "الجزء المفقود" کے کاتب نے "دلائل الخیرات" وغیرہ غیر معتبر کتابوں سے خود ساختہ فقرے لے کر ان کی سندیں بنالی ہیں۔[دیکھئے الرد ص۲۸، ۲۹]

۱۰ اس کی سندوں میں واضح جھوٹ لکھے گئے ہیں مثلاً خود ساختہ حدیث نمبر۲ میں لکھا ہوا ہے: "ابن جریج: أخبرنی البراء" رضی اللہ عنہ، [حالانکہ براء بن عازب رضی اللہ عنہ ابن جریج کی پیدائش سے پہلے فوت ہو گئے تھے۔] دیکھئے الرد (ص۳۱)

مختصر یہ کہ یہ زبردست رد ہے جو عربی علماء کی طرف سے شائع ہوا ہے۔

تنبیہ: بعض بریلوی حضرات امام بیہقی کی کتاب دلائل النبوۃ (۴۸۳/۵) سے نور والی من گھڑت روایت کا ایک شاہد پیش کرتے ہیں لیکن یہ شاہد بھی باطل ہے۔ اس میں بیہقی کا استاد ابوالحسن علی بن احمد بن سیماء المقرئ مجہول الحال ہے۔ ابن سیماء کا ذکر المنتخب من السیاق لتاریخ نیسا بور (۱۲۴۹) میں بغیر کسی توثیق کے کیا گیا ہے۔ اس ابن سیماء

کی توثیق ہمارے علم کے مطابق کسی کتاب میں موجود نہیں ہے۔ وما علینا إلا البلاغ

[ماہنامہ الحدیث: ۲۵ حضرو جمادی الاولیٰ ۱۴۲۷ھ ، جون ۲۰۰۶ء]

تحریر: ابوانس محمد یحییٰ گوندلوی

الجزء المفقود یا الجزء المصنوع

الجزء المفقود (مصنف عبدالرزاق) کے نام سے طبع ہونے والی من گھڑت کتاب کی کہانی

اسلام کی خالص اور فطری تعلیم میں جب سے تصوف کے نام سے عقائد باطلہ کو شامل کیا جانے لگا ہے اسی وقت سے ہی بدعتی حضرات کی کوشش رہی ہے کہ قرآن وحدیث صحیح پر مبنی عقائد میں تخلیط پیدا کر کے انھیں مشکوک بنا دیا جائے تاکہ اسلامی عقائد اپنی اصلیت پر قائم نہ رہیں ان عقائد باطلہ میں سے ایک عقیدہ یہ ہے کہ ''رسول اللہ ﷺ کی تخلیق اللہ تعالیٰ کے نور سے ہوئی ہے اور آپ ﷺ مبدأ اور منبع مخلوقات ہیں'' یہ عقیدہ چونکہ صریحاً قرآن کریم کی متعدد نصوص اور احادیث متواترہ جن میں انبیاء کے عموماً اور رسول اللہ ﷺ کے خصوصاً بشر ہونے کی تصریح کی گئی ہے، کے خلاف ہونے کی بنا پر اختراعی اور افترائی ہے صحابۂ کرام اور تابعین عظام کے دور میں کوئی شخص ایسا نہ تھا جس کا یہ عقیدہ ہو کہ رسول اللہ ﷺ مبدأ خلق اور نور سے پیدا ہوئے ہیں ان زریں ادوار کے بعد واقدی، کلبی اور عبدالرحمان بن زید جیسے مشہور کذابوں نے اس عقیدہ کو رواج دینے کی کوشش کی کہ اللہ کے نبی نور ہیں۔

دراصل یہ عقیدہ تو عیسائیوں کا تھا جو جناب مسیح علیہ السلام کو اللہ کا بیٹا مانتے ہیں پھر ان سے یہ عقیدہ شیعہ حضرات نے چرا کر اپنے ائمہ پر چسپاں کر دیا کہ ائمہ اہل بیت کی پیدائش نور سے ہوئی ہے۔ [الاصول فی الکافی ص ۳۸۹ ج ۱]

تصوف کی بنیاد شیعیت پر ہے اور انھی حضرات نے تصوف کے ذریعے اس عقیدہ کو اہل سنت میں داخل کیا ہے جس کی وجہ سے یہ باطل عقیدہ صوفیہ حضرات کے ذریعے عام مسلمانوں میں پھیل گیا ہے لیکن ائمۂ اہل سنت نے اس عقیدہ کو ہر دور میں باطل قرار دیا ہے چونکہ اہل بدعت کے اس عقیدہ پر دلیل نہ تھی اور یہ قرآن وحدیث کے متصادم بھی ہے اس لئے اس پر اہل بدعت کو دلیل پیش کرنے کی فکر دامن گیر ہوئی تو پھر کیا تھا ایک دوڑ شروع ہوگئی لیکن دلیل لاتے کہاں سے؟ آخرانھوں نے ''أول ماخلق الله نوري'' جیسی روایت وضع کر کے بزعم دلیل کی کمی کو پورا کرنے کی کوشش کی چند متاخرین سیرت نگار حضرات نے اس من گھڑت روایت کا انتساب امام عبدالرزاق صنعانی کی طرف کر دیا اس لئے کہ ان کی کتاب ''المصنف'' اہل علم کے ایک مخصوص حلقہ میں معروف اور متداول تھی لیکن ضخیم ہونے کی وجہ سے عوام کی دسترس سے باہر تھی کہ وہ ان کی مذکورہ من گھڑت روایت کی تحقیق کر لیتے کمال یہ ہے کہ اصحاب سیر میں سے جس نے بھی اس روایت کو اپنی کتاب میں درج کیا بغیر سند کے ذکر کیا جو اس بات کی دلیل تھی کہ ان اصحاب سیر نے یہ روایت خود المصنف میں نہیں دیکھی بلکہ نقل در نقل کرتے چلے گئے۔

۱۹۷۰ء میں ایک دیوبندی محقق اعظمی کی تحقیق سے المصنف پہلی مرتبہ زیور طبع سے آراستہ ہو کر منصۂ شہود پر جلوہ گر ہوئی تو اس سے (بریلوی) اہل بدعت کی کارستانی کھل گئی کہ المصنف میں تو مذکورہ روایت موجود ہی نہیں اب تو ہماری بات نہیں چلتی کہ ہم کہتے ہیں المصنف میں یہ حدیث ہے تو مخالف حوالہ کا مطالبہ کرتا ہے جس سے ظاہر ہے کہ ان کا تردد اور پریشانی بڑھ جاتی ہے غالباً ۱۹۸۶ء یا ۱۹۸۷ء کی بات ہے راقم الحروف ان دنوں جامعہ رحمانیہ قلعہ (دیدار سنگھ) میں مدرس تھا تو وہاں نور وبشر کی بحث چل نکلی بریلوی مکتب فکر کے ایک عالم (جواب بھی بقید حیات ہیں) نے اس روایت کو مصنف کے حوالے سے پیش کیا تو راقم الحروف نے ان سے حوالہ کا تقاضا کیا تو وہ فرمانے لگے میرے پاس کتاب موجود نہیں

ہے۔راقم نے المصنف کا پورا سیٹ موصوف کے گھر پہنچا دیا چند دنوں بعد انھوں نے یہ کہہ کر المصنف واپس کر دی کہ اس سے وہابیوں نے روایت نکال دی ہے۔کیا ہی خوب جواب تھا کہ وہابیوں نے تو اسے طبع ہی نہیں کیا تو انھوں نے کس طرح اس سے یہ روایت نکال دی؟

الجزء المفقود کی دستیابی کی کہانی

تاہم اہل بدعت اس من گھڑت روایت کے وجود کو ثابت کرنے کی تگ ودو میں رہے بالآخر ۲۰۰۵ء میں ''الجزء المفقود من المصنف'' کے نام سے ایک کتاب شائع کر دی جس میں اس روایت کو امام عبدالرزاق کی سند سے سیدنا جابر رضی اللہ عنہ سے ثابت کر دکھایا!

راقم الحروف کے سامنے الجزء المفقود طبعہ ثانیہ کا نسخہ ہے جو مؤسسۃ الاشرف لاہور کے زیر اہتمام طبع ہوا ہے اس کے مقدمہ میں اس جزء کی دستیابی کی کہانی کچھ یوں مرقوم ہے جسے ہم خلاصتاً بیان کرتے ہیں اس جزء کے مقدمہ نگار لکھتے ہیں ''مصنف کا جو نسخہ طبع ہوا ہے وہ ناقص ہے اس میں دس باب ساقط ہو گئے ہیں بلاد اسلام کے مختلف علاقوں میں جہاں اس کے وجود کا احتمال تھا اس کی دستیابی کی کوشش کی مگر یہ کوشش ناکام رہی کہ اس کامل نسخہ کا وجود نہ مل سکا۔ بالآخر ہندوستان کے ایک عالم سید محمد امین برکاتی قادری سے دستیاب ہو گیا (مقدمہ ب) اس مفقود کے محقق کوئی دکتور عیسیٰ الحمیر ی ہیں جو خالص صوفی معلوم ہوتے ہیں وہ اس مقدمہ میں لکھتے ہیں: ''حدیث جابر (اور ماخلق اللہ نوری) کی صحت کے بارہ میں بڑا اختلاف پیدا ہوا ہے جسے اہل سیر نے اپنی کتابوں میں درج کیا ہے اس کا انتساب سند ذکر کئے بغیر مصنف عبدالرزاق کی طرف کیا ہے ہمارے شیخ غماری اور عمر حمدان نے اس کی دستیابی کی کوشش کی اور اس کے لئے یمن جانے کا قصد کیا تا کہ جو مصنف کا مخطوطہ ہے اس کا سماع کیا جائے لیکن اللہ تعالیٰ کو یہ منظور نہ ہوا لیکن تلاش کرنے والوں نے شمالی یمن کی جانب سفر میں کوشش جاری رکھی کہ اس کا کامل اور نادر نسخہ تلاش کیا جا سکے لیکن وہ بھی کامیاب نہ ہوئے پھر استنبول (ترکی) کے مختلف مکاتب میں اس نسخہ کی تحقیق کی انھوں

نے بہت سے نسخے دیکھے مگر (پھر بھی ناکامی مقدر رہی) بالآخر اس نتیجہ پر پہنچے کہ ان نسخوں میں اول اور اوسط حصوں میں نقص ہے جیسا کہ مطبوعہ نسخہ میں نقص ہے میں اس نسخہ کی تلاش میں رہا حتیٰ کہ ہمیں اس نادر نسخہ کا جزء اول اور جزء ثانی ہندوستان کے ایک نیک عالم سید امین برکاتی کے ہاتھ سے دستیاب ہوگیا۔'' [ص ۷]

یہ ہے اس نسخہ کی دستیابی کی کہانی، اس نادر اور کامل نسخہ کا وجود عالم اسلام کے تمام معروف مکاتب اور کتب خانوں میں سے نہیں مل سکا جو اسلامی وراثت کے مخزن اور امین ہیں آخر ملا ہے تو وہ بھی ہندوستان کے ایک صوفی صاحب سے جن کے مقام سکونت کو مجہول رکھا گیا ہے تا کہ کوئی تحقیق کرنے والا اس صوفی کے دولت کدہ میں پہنچ کر تحقیق نہ کر سکے۔ اس محقق کی نظر میں ہندوستان تو چھوٹا سا گاؤں معلوم ہوتا ہے کہ بس ہندوستان کا نام لے لیا تو موصوف صوفی صاحب کا ایڈریس معلوم ہوگیا آخر صوفی برکاتی صاحب کے ایڈریس کو پردہ اخفاء میں رکھنے میں کوئی راز تو ہوگا؟

مخطوطہ کا وصف

علم حدیث کی رو سے جب تک کسی مخطوطہ کے بارے میں تسلی بخش معلومات حاصل نہ ہوں قابل قبول نہیں ہوتا یہ بات محقق صاحب کے دل میں کھٹکتی ہوگی اس لئے انھوں نے اپنے مقدمہ میں اس مخطوطہ کا وصف بیان کیا ہے موصوف لکھتے ہیں: ''اس مخطوطہ کو اسحاق بن عبدالرحمٰن سلیمانی نے تحریر کیا ہے جیسا کہ آخر میں ہے قد انتهى من نسخه يوم الإثنين وثلاثين وتسعمائة من هجرة سيد المرسلين ﷺ ببغداد [ص ۱۰] اس نسخہ کی کتاب کی تکمیل سوموار کے روز نور رمضان ۹۳۳ھ کو بغداد میں ہوئی۔''

اعتراضات

محقق کی عبارت پر چند اعتراضات ہیں:

اولاً: ضروری ہے کہ ناسخ کا تعارف معلوم ہو، اس کی علمی حیثیت کیا ہے وہ ثقہ تھا یا غیر ثقہ؟

ثانیاً: ناسخ نے اپنے مخطوطہ کو کس مخطوطہ سے لکھا ہے۔

ثالثاً: ناسخ سے لے کر امام عبدالرزاق تک سند موجود ہو۔

رابعاً: جس جگہ سے مخطوطہ دستیاب ہوا ہے وہاں تک مخطوطہ کیسے پہنچا اس کے بارے میں پوری تفصیل موجود ہو ورنہ یہ مخطوطہ من گھڑت اور جعلی قرار پاتا ہے۔

تبصرہ

اس جزء پر ان تمام اعتراضات کے جوابات دینا ناممکن ہی نہیں بلکہ محال ہے اولاً: تو جناب سلیمانی کا کوئی تعارف نہیں دیا گیا جس کا مطلب یہ ہے کہ وہ مجہول ہے لہٰذا ساقط العدالت اور قابل قبول نہیں اس لئے کہ مجہول کی روایت قابل قبول نہیں ہوتی۔ (مقدمہ ابن الصلاح) ثانیاً: یہ بھی کوئی تفصیل نہیں کہ دسویں صدی ہجری میں لکھا جانے والا نسخہ کس نسخہ کی نقل ہے اور جس نسخہ کی نقل ہے اس کا ناقل کون ہے؟ یہ سب باتیں مجہول و مشکوک ہیں۔ ثالثاً: سلیمانی سے لے کر امام عبدالرزاق تک کوئی سند موجود نہیں ہے نسخے کا آغاز ہی عبدالرزاق سے ہوا۔

حالانکہ امام عبدالرزاق اور سلیمانی تک سات صدیوں سے زیادہ فاصلہ حائل ہے جس کے طے کرنے میں مسافروں کی گردنیں ٹوٹ جاتی ہیں لیکن وہ طے نہیں ہوسکتا ہے۔ محدثین کے نزدیک جس سند میں صرف ایک راوی ساقط ہو وہ قابل قبول نہیں ہوتی۔ سلیمانی سے لے کر امام عبدالرزاق تک ہوسکتا ہے بیس سے بھی زائد واسطے منقطع ہوئے ہوں لہٰذا اس مفقود جزء کے باطل ہونے میں کوئی شک وہ شبہ نہیں رہتا یہ تو اس نام نہاد جزء مفقود کے باطل ہونے کی چند ظاہری علامتیں تھیں۔

جزء کے من گھڑت ہونے پر جزء کی شہادت

معلوم ہوتا ہے کہ اس جزء کے محقق کو بھی اس نسخہ کے اصل ہونے کا یقین نہیں ہے اس لئے خود لکھتے ہیں ''مخطوطہ کی تحقیق کے بعد جو نتیجہ نکلتا ہے کہ یہ نسخہ ہمارے پاس ہے اس پر کسی قسم کے سماع نہیں ہیں جو نسخہ کاملہ میرے اختیار میں ہے اس میں صرف اوّل اور ثانی جلد ہے میں حکم کو اس کے قاری اور خواص حضرات پر چھوڑتا ہوں اور اس جزء کو قراء کی خدمت میں پیش کرتا ہوں۔'' [ص ۵ ملخصاً]

اگر محقق کو اس نسخہ کے اصل ہونے کا یقین ہوتا تو فیصلہ قراء اور خواص پر نہ چھوڑتے بلکہ پورے اعتماد اور یقین کے ساتھ کہتے کہ یہ مخطوطہ اصل ہے اس کی صحت میں کوئی شک نہیں۔ محقق نے فیصلہ چونکہ اس کے قراء پر چھوڑا ہے لہٰذا راقم الحروف بحیثیت اس مخطوطہ کے جو طبع ہو کر میرے ہاتھ پہنچا ہے ایک قاری ہونے کے ناطے اس مخطوطہ کی اندرونی کہانی یعنی عبدالرزاق سے لے کر صحابی رسول تک سند اور پھر اس کے بعض متون پر بحث کا جو محقق نے حق سونپا ہے اس کے مطابق اس مخطوطہ کے مالہ وماعلیہ پر ناقدانہ تبصرہ کرتا ہے۔ وباللّٰہ التوفیق

اصل بحث سے قبل یہ واضح کر دینا ضروری ہے کہ علم حدیث کا تمام تر مدار سند پر ہے اگر کسی حدیث کی سند درست نہیں تو پھر یقین کر لینا چاہیے کہ وہ حدیث ثابت نہیں یہ اسلامی علمی ورثہ کا امتیاز ہے جو دنیا کے کسی دوسرے مذہب میں نہیں ہے۔ (تفصیل راقم الحروف کی کتاب خصائل محمدی شرح شمائل ترمذی حدیث نمبر ۱۷۴ کے تحت ملاحظہ فرمائیں۔)

آغاز ہی غلط ہے

مخطوطہ کے پہلے صفحہ کی مطبوع نسخہ میں تصویر دی گئی ہے اس کی ابتدا ایسی ہے عبدالرزاق عن معمر عن الزهري عن السائب بن زيد (ص ۱۸) اس سند کے مطابق یہ نسخہ ہی مجہول قرار پاتا ہے۔ کیونکہ سائب بن زید نام کا کوئی صحابی نہیں ہے بلکہ یہ نام اختراعی ہے اس کے محقق کے لئے یہ نام پریشانی کا باعث بنا تھا لہٰذا جب اصل کتاب

کا آغاز کیا تو یہ نام ہی بدل دیا سائب بن زید کے بجائے یزید کر دیا اور اس پر حاشیہ لکھا کہ مخطوطہ میں زید ہے اور درست یزید ہے (ص ۵۲) گویا کہ انھوں نے آغاز ہی تحریف سے کیا اب زید غلط اور یزید کے درست ہونے کے لئے کسی مستند دلیل کی ضرورت تھی جو محقق نے ذکر نہیں کی بلکہ بلا دلیل زید کو یزید بنا دیا اب اگر زید غلط تھا تو اس کی تصحیح کے لئے جو اصول ہے اس کے مطابق تصحیح کرنی چاہیے تھی وہ یہ تھا کہ ہمارے پاس جو مخطوطہ ہے اس میں کاتب کی تصحیف ہے اس کے فلاں مخطوطہ میں سائب بن یزید ہے لیکن کس مخطوطہ سے تصحیح کرتے جبکہ دنیا میں اس کا تو ایک ہی مخطوطہ ہے جو صرف ان کے پاس ہے اگر وہ کسی دوسرے مخطوطہ کا حوالہ دیتے تو ان کی چوری پکڑی جاتی اور ان کا مشن ہی ادھورا رہ جاتا۔

ثانیاً: اگر کوئی دوسرا مخطوطہ پاس نہ ہو تو ایسی صورت میں روایت جو اس مخطوطہ میں ہے اس کی تخریج کسی دوسری حدیث کی معتبر کتاب سے کر دی جاتی اور واضح کیا جاتا کہ فلاں کتاب میں یہ روایت اس سند سے ہے اس میں زید کے بجائے یزید ہے لیکن چونکہ یہ روایت خود گھڑی ہوئی ہے جس کا حدیث کی کسی کتاب میں پایا جانا محال ہے تو وہ تخریج کس کتاب سے کرتے؟ بہر حال اس مخطوطہ کی پہلی حدیث کی سند ہی اس کے باطل ہونے کی شاہد عدل ہے۔ ثالثاً: اگر کہا جائے کہ یہ ناسخ کی تصحیف ہے تو تب بھی یہ روایت غیر معتبر ٹھہرتی جس سے پہلی سند ہی میں تصحیف ہوئی ہے (اس نے) متن میں کیا گل کھلائے ہوں گے؟ فتدبر

مخطوطہ کے نسخ کے لئے حدیث میں چند شرائط اور قیود ہیں جو حافظ ابن الصلاح نے اپنے مقدمہ فی علوم الحدیث میں ذکر کی ہیں ان میں تیسری شرط ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں: "ولا بد من شرط ثالث وهو أن يكون ناقل النسخة من الأصل غير سقيم النقل بل صحيح النقل قليل السقط" اور ایک تیسری شرط بھی ضروری ہے، وہ یہ ہے کہ اصل (کتاب) سے نسخہ نقل کرنے والا غلط نقل کرنے والا نہ ہو بلکہ صحیح نقل

کرنے والا اور (بہت) کم غلطیاں کرنے والا ہو۔[مقدمہ ۹۳ دوسرا نسخہ ۲۱۱]

اگر تصحیف مانی جائے تو تب بھی یہ مخطوطہ اس اصول کے تحت غیر صحیح قرار پاتا ہے اس لئے کہ اس نسخے کا آغاز ہی ایک عظیم خطا سے ہوا ہے۔ جو واضح کرتا ہے کہ ناسخ صحیح النقل نہیں ہے۔

مخطوطہ کے من گھڑت ہونے کی دوسری دلیل

کسی مخطوطہ یا روایت کے من گھڑت ہونے کے لئے یہ کافی ہے کہ کوئی راوی اس شیخ سے سماع اور تحدیث کی صراحت کے ساتھ روایت کرے جو اس کی ولادت سے پہلے یا سنِ تحمل سے پہلے فوت ہو گیا ہو۔

حسان بن زید فرماتے ہیں: لم یستعن علی الکذابین بمثل التاریخ یقال للشیخ سنة کم ولدت فاذا أقر بمولده مع معرفتنا الوفاة الذي انتمی الیه عرفنا صدقه من کذبه . [الاعلان بالتوبیخ ص ۹ وتاریخ بغداد ۷/ ۳۵۶، ۳۵۷ وسندہ حسن الی حسان بن زید، الجامع لاخلاق الراوی وآداب السامع ۱/ ۱۳۱ ح ۱۴۳]

''کذاب لوگوں کی حقیقت جاننے کے لئے تاریخ سے بہتر کوئی معاون نہیں ہے شیخ سے پوچھا جائے کہ تو کب پیدا ہوا ہے جب وہ اقرار کرے تو جس سے وہ روایت کر رہا ہے اس کی وفات کو دیکھا جائے تو اس کا صدق کذب سے ظاہر ہو جائے گا۔''

اسی بنا پر محدثین نے راویوں کی پیدائش اور وفات کی تاریخوں کا اہتمام کیا ہے تا کہ جھوٹ اور سچ میں تمیز ہو سکے امام سفیان ثوری فرماتے ہیں: لما استعمل الرواة الکذب استعملنا لهم التاریخ ''جب راویوں نے جھوٹ سے کام لینا شروع کیا تو ہم نے (ان کی پیدائش اور وفات کی) تاریخ کو استعمال کیا۔''

[الکفایہ ص ۱۱۹ والکامل لابن عدی ۱/ ۹۷]

امام حفص بن غیاث نے تو کیا خوب بات کہی ہے: إذا اتهمتم الشیخ فحاسبوه

بالسنین یعنی احسبوا سنه وسن من کتب عنه ''جب تم کسی راوی کو متہم خیال کرو تو اس کے سالوں کا حساب کرو یعنی اس کی عمر اور جس سے اس نے روایت لکھی ہے اس کی عمر شمار کرو۔'' [الکفایہ ص ۱۱۹]

جب ہم محدثین کے اس اصول کی روشنی میں اس مخطوطہ کا جائزہ لیتے ہیں تو ہم پر نصف النہار کی طرح واضح ہوتا ہے کہ یہ مخطوطہ من گھڑت ہے جس کے دلائل یہ ہیں کہ اس مخطوطہ کی حدیث نمبر ۲ کی سند اس طرح ہے عن ابن جریج قال أخبرنی البراء (ص ۵۵) یہ سند ڈنکے کی چوٹ اعلان کرتی ہے کہ یہ مخطوطہ مصنوعی ہے اس لئے کہ سیدنا براء رضی اللہ عنہ کی وفات ۷۲ھ میں ہوئی (التقریب ص ۴۳) اور ابن جریج کی ولادت ۸۰ھ میں ہوئی ہے (التہذیب ص ۴۰۵ ج ۶) اس سے واضح ہے کہ سیدنا براء رضی اللہ عنہ جناب ابن جریج کی پیدائش سے آٹھ سال قبل فوت ہو چکے تھے تو کیا انھوں نے دوبارہ زندہ ہو کر ابن جریج کو اس حدیث کی خبر دی تھی؟ محدثین کے اصول کے مطابق تو یہ سند من گھڑت ہے لیکن صوفیوں کے نزدیک سب کچھ ممکن ہے اس لئے کہ نظام تصوف میں فوت شدگان سے دنیاوی زندگی کی طرح استفادہ ممکن ہے جیسا کہ ان کی خرقہ کی کہانی ہے کہ مرید اپنے شیخ سے اس کی وفات سے سو برس بعد بھی خرقہ پہن لیتا ہے۔ [ملاحظہ ہو دین تصوف بحث خرقہ صوفیاء طبع ساہووالہ]

پھر یہ کتابت کی غلطی بھی نہیں ہے اس لئے کہ محقق صاحب نے اس پر یوں تعلیق لکھی ہے کہ " ابن جریج حافظ ثقة وكان يدلس فقد صرح هنا بالاخبار (ص ۵۵)'' ابن جریج حافظ ثقہ تھے جو تدلیس کرتے تھے لیکن اس جگہ انھوں نے (سماع) کی تصریح کی ہے۔ بلاشبہ کتابت کی غلطی نہیں بلکہ اس جزء کے من گھڑت ہونے کی کہانی ہے۔

من گھڑت ہونے کی تیسری دلیل

اس مخطوطہ کی حدیث نمبر ۲۴ کی سند اس طرح ہے'' عن ابن جريج عن الزهري

أنه سمع عقبة بن عامر (ص۸۴)''امام زہری نے عقبہ بن عامر سے سنا۔ حالانکہ زہری کا عقبہ بن عامر سے سماع ثابت نہیں اس کا اعتراف محقق صاحب کو بھی ہے فرماتے ہیں کہ'' ہمارے پاس جو کتب جرح وتعدیل موجود ہیں کسی ایک میں بھی زہری کا عقبہ رضی اللہ عنہ سے سماع ثابت نہیں زہری ۵۰ھ کو پیدا ہوئے اور عقبہ خلافت معاویہ کے آخر ۶۰ھ میں فوت ہوئے عقبہ کی وفات کے وقت زہری کی عمر دس سال بنتی تھی تو اس سے احتمال پیدا ہوتا ہے کہ زہری نے عقبہ سے سنا ہوگا اس لئے کہ علمائے حدیث نے پانچ سال کی عمر کو سن تحمل قرار دیا ہے جیسا کہ ابن الصلاح نے اپنے مقدمہ میں نقل کیا ہے۔ زہری کے عقبہ سے اثباتِ سماع کا احتمال ہے تو اس حساب سے سند صحیح ہوگی ورنہ منقطع ہے۔[ص۸۵]

موصوف کا محض احتمال کے ساتھ سماع ثابت کرنا علمی دیانت اور امانت کے تقاضے پورے نہیں کرتا پھر جب خود اقرار کرتے ہیں کہ کتب جرح وتعدیل میں زہری کا عقبہ سے سماع کا کوئی ثبوت نہیں تو یہ سماع احتمال سے کیسے ثابت ہوسکتا ہے حقیقت یہ ہے کہ موصوف کا احتمال بھی باطل ہے اس لئے کہ سن ولادت میں چار اقوال ہیں ۵۰ھ، ۵۱ھ، ۵۶ھ اور ۵۸ھ (التہذیب ص۴۵۰ ج۹) اور عقبہ رضی اللہ عنہ کی وفات ۵۸ھ کو ہوئی ہے۔

[سیر اعلام النبلاء ص۱۶۹ ج۳ وتہذیب التہذیب ص۲۴۳ ج۷]

زہری کی ولادت اگر ۵۰ھ کو تسلیم کرلی جائے تو پھر بھی ان کی سیدنا عقبہ رضی اللہ عنہ سے ملاقات ممکن نہیں اس لئے کہ عقبہ کو امیر المؤمنین معاویہ نے اپنے دور میں ۴۴ھ میں مصر کا عامل مقرر کیا تھا اور یہ تین سال وہاں عامل رہے پھر ۴۷ھ میں ان کو معزول کر کے غزوۂ رودس میں بھیج دیا گیا (پھر یہ تاحیات اسی علاقے میں رہے) اور ۵۸ھ کو مصر میں فوت ہوکر جبل مقطم میں مدفون ہوئے (التہذیب ص۲۶۲ ج۷ دوسرا نسخہ ص۲۱۶) اور یہ ثابت نہیں کہ موصوف ولایت مصر کے بعد اور غزوۂ رودس کے بعد پھر کبھی مدینہ منورہ آئے ہوں یا پھر امام زہری ۵۸ھ تک کے عرصہ میں کبھی مصر گئے ہوں کہ ان کی ملاقات سیدنا عقبہ رضی اللہ عنہ سے ہوگئی ہو پھر کسی بھی حدیث کی معتبر کتاب میں ایسی سند موجود نہیں کہ جس میں زہری نے سمعت

عقبة فرمایا ہو اس لئے جب ملاقات ہی نہیں ہوئی تھی تو وہ بھلا کیسے سمعت فرما سکتے تھے! یہی وہ حقیقت ہے جس کا محقق صاحب نے بھی دبے الفاظ میں فهو منقطع کا اعتراف کیا ہے کہ یہ منقطع ہے۔ بات منقطع ہونے کی نہیں بلکہ دعویٰ سماع کی ہے جو اس جزء کے باطل ہونے کی ایک واضح دلیل ہے۔

من گھڑت ہونے کی چوتھی دلیل

حدیث نمبر ۲۸ کی سند اس طرح ہے "عبدالرزاق قال أخبرنی الزهري عن سفيان بن شبرمة (ص ۸۸) کہ امام عبدالرزاق فرماتے ہیں مجھے زہری نے خبر دی۔"

اس کے باطل ہونے کے لئے کسی دوسری دلیل کی ضرورت نہیں خود محقق صاحب کی تحقیق ہی اسے باطل قرار دیتی ہے چنانچہ امام زہری کے بارے میں لکھتے ہیں ۱۲۵ھ کو فوت ہوئے (ص ۵۱) اور امام عبدالرزاق کے بارے میں لکھتے ہیں ۱۲۶ھ کو صنعا میں پیدا ہوئے (ص ۲۳) گویا محقق صاحب کی تحقیق کے مطابق امام زہری امام عبدالرزاق کی پیدائش سے ایک سال پہلے وفات پا چکے تھے تو کیا امام عبدالرزاق نے زہری سے سماع ان کی وفات کے بعد کیا تھا؟ کلا إنه لباطل

پانچویں دلیل

حدیث نمبر ۳۰ کی سند اس طرح ہے "عن الزهري عن ابن عيينة عن يزيد الرقاشي (ص ۸۹) زہری جو امام ابن عیینہ کے استاد ہیں وہ ابن عیینہ سے اور وہ یزید الرقاشی سے بیان کرتے ہیں۔"

ناسخ نے سند کو الٹ دیا استاد کو شاگرد اور شاگرد کو استاد بنا دیا یہ سب حدیث میں کذب بیانی کے کرشمے ہیں حدیث رسول میں کاذب کا کذب چھپا نہیں رہتا بلکہ اللہ تعالیٰ اپنے دین کی حفاظت کی خاطر اسے ظاہر کر دیتا ہے ہم نے تو صرف چند اسناد پر بحث کی ہے جس

سے اس مخطوطہ کا من گھڑت ہونا لازم آتا ہے تفصیلی جائزہ لیا جائے تو مزید عجائبات کا انکشاف ہوجائے گا۔(ان شاءاللہ)

متن پر بحث

اگراس کے متن پرغور کیا جائے تو اسناد سے بھی زیادہ شگوفے نظر آئیں گے دراصل اس جزء کو چند بدعتی مولویوں نے صرف ایک مسئلہ کے لئے وضع کیا ہے تاکہ ثابت کیا جاسکے کہ رسول اللہ ﷺ کی ذات گرامی مجسم نور ہے جو اللہ تعالیٰ کے نور سے پیدا ہوئی ہے جیسا کہ برصغیر کے اہل بدعت کا عقیدہ ہے ضمناً چند وضو کے مسائل بھی ذکر کئے ہیں جیسا کہ اس جزء کے محقق نے خود اعتراف کیا ہے کہ اصل کوشش تو حدیث جابر کی دستیابی تھی۔

[مقدمہ ص ۶، ۷]

قارئین کرام! اس جزء میں نور کے موضوع پر ایک مرفوع روایت ہے جو سیدنا جابر رضی اللہ عنہ کے نام کی طرف منسوب ہے اور ایک موقوف روایت ہے جو سیدنا سائب رضی اللہ عنہ کے نام کی طرف منسوب ہے باقی چند آثار ہیں ان میں سے اکثر کا تعلق رسول اکرم ﷺ کے حسن اور جمال سے سے ہے البتہ بعض میں نورانیت کا بھی شائبہ ہے لیکن وہ آثار فی الحال ہماری بحث سے خارج ہیں ان پر تفصیلی بحث ہم ایک مستقل کتاب میں کریں گے۔ ان شاء اللہ جس میں اس مصنوعی مخطوطہ پر تفصیل سے بحث ہوگی۔

نورانیت سے متعلقہ روایتوں میں تعارض ہے سائب کی روایت اس طرح شروع ہوتی ہے: "إن اللّٰه خلق شجرة ولها أربعة أغصان فسماها شجرة اليقين ثم خلق نور محمد۔ اللہ تعالیٰ نے ایک درخت کو پیدا کیا جس کی چار شاخیں تھیں اس کا نام یقین کا درخت رکھا پھر نورِ محمد کو پیدا کیا۔" [حدیث نمبر ا ص ۵۲]

اور دوسری روایت اس طرح ہے: "سألت رسول اللّٰه ﷺ عن أول شئی خلقه اللّٰه تعالٰی؟ فقال: هو نور نبيك يا جابر خلقه ثم خلق فيه كل خير۔ میں

نے رسول اللہ ﷺ سے دریافت کیا اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے کونسی چیز پیدا کی تو آپ ﷺ نے فرمایا: اے جابر وہ تیرے نبی کا نور ہے پھر اللہ تعالیٰ نے اس نور میں ہر خیر کو پیدا کیا۔'' [حدیث نمبر ۱۸ ص ۶۴]

پہلی روایت بتاتی ہے کہ سب سے پہلے ایک درخت پیدا ہوا تھا اور اس کے بعد نورِ محمد کی تخلیق ہوئی ہے جبکہ دوسری روایت بتاتی ہے نورِ محمد کی تخلیق تمام اشیا سے پہلے ہوئی ہے ان دونوں روایتوں میں تعارض واضح ہے یہ دونوں روایتیں عجائبات صوفیہ میں سے ہیں جنھیں پڑھ کر محسوس ہوتا ہے کہ کسی دشمن اسلام نے گہری سازش کے تحت انھیں گھڑا ہے اور مضمون کے لحاظ سے دیومالا کہانیوں سے کسی طرح کم نہیں ہیں جن کا وجود کتاب وسنت سے تو ممکن نہیں البتہ افسانوں میں ہو تو کچھ کہا نہیں جا سکتا پھر روایت جابر کا متن پڑھ کر محسوس ہوتا ہے کہ تمام مخلوقات، رسول اللہ ﷺ کے نور سے پیدا ہوئیں۔

روایت نمبر ا بتاتی ہے کہ یہود ونصاریٰ اور دیگر تمام کافر بھی رسول اللہ ﷺ کے نور سے ہی پیدا ہوئے ہیں اس جزء کی اشاعت کرنے والوں کو اب حق پہنچتا ہے کہ وہ اپنی بشریت سے انکار کر کے نور ہونے کا اعلان کر دیں کیونکہ وہ بھی تو آخر ان روایات کی روشنی میں رسول اللہ ﷺ کے نور سے پیدا ہوئے ہیں اور ظاہر ہے نور سے بشر تو پیدا نہیں ہوتا۔

قرآن اور احادیث متواترہ سے تعارض

بلاشبہ ان دونوں روایات کا متن جو تقریباً آٹھ صفحات پر پھیلا ہوا ہے صریحاً قرآن واحادیث متواترہ کے معارض ہے ائمۂ کرام نے موضوع روایت کی ایک علامت یہ بھی ذکر کی ہے کہ وہ روایت قرآن کریم اور سنت متواترہ یا اجماع قطعی کے خلاف ہو۔

[تدریب ص ۱۵۰ ج ۱]

قرآن کریم کی متعدد نصوص، احادیث متواترہ اور خیر القرون کے تمام مسلمانوں کا اجماع اسی پر تھا کہ رسول اللہ ﷺ بشر ہیں اور آدم علیہ السلام کی اولاد میں سے ہیں جس سے

بداہتہً واضح ہے کہ یہ دونوں روایتیں من گھڑت ہیں۔

رکاکة الألفاظ

ان دونوں روایتوں کے من گھڑت ہونے کی ایک یہ بھی واضح دلیل ہے کہ یہ روایتیں رکیک الالفاظ ہیں۔ رکیک الفاظ ہونے کا معنی یہ ہے کہ الفاظ فصاحت وبلاغت کے خلاف ہوں یا ایسے غیر مانوس ہوں کہ ان کی نسبت رسول اللہ ﷺ کی طرف غیر مناسب ہو ان دونوں روایات میں رکاکت الفاظ کی بھرمار ہے ان کا طویل متن ایک داستان کا عندیہ پیش کرتا ہے اور وہ گواہی دیتا ہے کہ رسول اللہ ﷺ سے اس قسم کا کلام صادر نہیں ہوسکتا یہی وجہ ہے کہ اس جزء کے محقق صاحب کو بھی ان روایات میں الفاظ رکیک ہونے کا اعتراف ہے اسی لئے تو انھوں نے اپنے مقدمہ میں اس کے دفاع کی کوشش کی ہے چنانچہ فرماتے ہیں:

''ہمارے دور کے بعض محدثین نے حدیث جابر میں رکاکت الفاظ کا کثرت کے ساتھ ذکر کیا ہے تو ہم کہتے ہیں کہ متقدمین اور متاخرین نے اپنی کتابوں میں وضاحت کی ہے کہ حدیث کو صرف رکاکت الفاظ کی وجہ سے رد نہیں کیا جاسکتا'' پھر حافظ ابن حجر کے حوالے سے لکھا ہے کہ ''صرف رکیک الفاظ روایت کے موضوع ہونے پر دلالت نہیں کرتے ہاں جب لفظ اور معنی میں رکاکت ہو تو وہ روایت موضوع ہوگی۔'' [ص ۲۶، ۲۸]

موصوف نے ان روایات میں الفاظ کے رکیک ہونے کا انکار نہیں کیا آخر انکار کرتے کیسے جبکہ یہ روایات رکاکتِ الفاظ کا ہی تو مجموعہ ہیں۔

ہاں! دفاع یہ کیا ہے کہ روایت کے موضوع ہونے کے لئے صرف الفاظ کی رکاکت کافی نہیں جب تک اس کے ساتھ معنی کی رکاکت شامل نہ ہو راقم الحروف کہتا ہے ان روایات میں جیسے الفاظ کی رکاکت کی کثرت ہے معنی میں وہ رکاکت اس سے بھی کئی گنا زیادہ موجود ہے رہا موصوف کا یہ کہنا کہ متقدمین ائمہ رکاکت کی وجہ سے حدیث کو موضوع نہیں کہتے تھے حقائق کے منافی ہے حافظ ابن الصلاح فرماتے ہیں: فقد وضعت

أحاديث طويلة يشهد بوضعها ركاكة ألفاظها ومعانيها. ''لمبی لمبی روایتیں وضع کی گئیں جن کے الفاظ اور معانی کی رکاکت ان کے من گھڑت ہونے کی گواہی دیتے ہیں۔''

[مقدمہ ابن الصلاح ص ۴۷]

اور یہی بات بعینہٖ امام نووی نے التقریب مع التہذیب ص ۱۴۹ ج ۱ میں اور حافظ عراقی نے الفیہ مع فتح الباقی ص ۲۲۵ میں اور اس کے قریب قریب علامہ ابن جوزی نے کتاب الموضوعات ج ۱ میں فرمائی ہے جس سے واضح ہے کہ محدثین کے نزدیک یہ دونوں روایتیں رکاکت الفاظ اور معانی کی وجہ سے من گھڑت ہیں الغرض یہ ہے حقیقت اس نام نہاد جزء مفقود کی کہ جس کے من گھڑت ہونے کے لئے کسی خارجی دلیل کی ضرورت نہیں بلکہ اس کی دستیابی کی کہانی اسناد میں کذب بیانی اور متن میں افسانوی انداز اس کے من گھڑت ہونے پر شاہد عدل ہیں جو اس بات کا جلی حروف میں اعلان ہے کہ امام عبدالرزاق کا اس جزء کے ساتھ کوئی تعلق نہیں وہ اس کی تالیف سے بالکل بری ہیں یہ تو اہل بدعت صوفیوں کی کارستانی ہے کہ انھوں نے اپنے ایک باطل نظریہ جو قرآن کریم اور احادیث متواترہ کی نصوص کے صریحاً خلاف ہے، کو ثابت کرنے کے لئے حدیث متواتر من كذب على متعمداً فليتبوأ مقعده من النار کو پس پشت ڈال کر مذکورہ روایات کے وضع کرنے کا دھندا کیا ہے۔

تحریر: محمد داود ارشد، نارنگ منڈی مراجعت: ارشاد الحق اثری

مصنف عبدالرزاق کا جزء مفقود

ذخیرۂ کتب احادیث میں ایک کتاب امام عبدالرزاق رحمہ اللہ کی ''المصنف'' ہے جو سب سے پہلے حبیب الرحمٰن اعظمی کی تحقیق سے ۱۳۹۰ھ یعنی 1970ء میں حیدر آباد دکن سے زیور طبع سے آراستہ ہو کر شائع ہوئی۔ مگر یہ طبع اپنی ابتدا کے اعتبار سے ناقص ہے بلکہ اس کی پانچویں جلد کی ابتدا میں بھی نقص پایا جاتا ہے، جیسا کہ خود انھوں نے پہلی جلد کی ابتدا میں اظہار فرمایا ہے۔ چنانچہ ان کے الفاظ ہیں:

"إن النسخ التی عثرنا علیها أو التی أحرزناها مصورة أو مخطوطة.... کلها ناقصة إلا نسخة مراد ملا (بالاستانه) ۔فإنها کاملة إلا نقصاً بسیطاً فی أولها وفی فاتحة المجلد الخامس من مجلدات الأصل فیما نری"

[(مصنف عبدالرزاق کے) جو نسخے ہمیں ملے ہیں اور جنھیں ہم نے اکٹھا کیا ہے، فوٹو سٹیٹ ہوں یا قلمی، سب ناقص ہیں سوائے مراد ملا کے (آستانہ والے) نسخے کے، یہ مکمل نسخہ ہے سوائے اس کے کہ اس کے شروع میں تھوڑا سا نقص ہے اور اصل کی پانچویں جلد کے شروع میں ہمارے علم کے مطابق کچھ نقص (کمی) ہے۔ مصنف عبدالرزاق (ج ۱ ص ۳)]

اب حال ہی میں المصنف کا ابتدائی حصہ ڈاکٹر عیسیٰ بن عبداللہ حمیری کی تحقیق سے ۲۰۰۵ء میں طبع ہوا جس پر ناشر کا کوئی نام نہیں۔ البتہ اسی نسخہ کا عکس بعد میں دسمبر ۲۰۰۵ء ہی میں مؤسسۃ الشرف لاہور کے تحت.... محمد عبدالحکیم شرف قادری صاحب کے مقدمة الطبعة الثانية کے ساتھ طبع ہوا۔ اسی نسخہ کے بارے میں پہلے ماہنامہ ''نور الحبیب'' بصیر پور میں جولائی ۲۰۰۴ء کی اشاعت میں اور اس کے بعد ماہنامہ ''اہلسنت'' گجرات میں اگست ۲۰۰۴ء، کی اشاعت میں، پھر ''سوئے حجاز'' لاہور اکتوبر ۲۰۰۴ء کی اشاعت میں ''عالم اسلام کے لئے عظیم خوشخبری'' کے عنوان سے اشتہارات شائع ہوئے جن میں یہ خوشخبری دی گئی کہ حدیث نور اور حدیث عدم سایہ کی بازیافت ہو چکی جو المصنف عبدالرزاق

کا ابتدائی حصہ ہے اور عنقریب منصۂ شہود پر آنے والا ہے۔ بلکہ ''سوئے حرم'' نے تو اس حوالے سے سات احادیث بھی شائع کر دیں جو اسی موضوع سے متعلق تھیں۔

حدیث شریف کی خدمت بلاشبہ بڑی عظیم الشان سعادت ہے اور احادیث مبارکہ کے نایاب جواہر پاروں کو تلاش کر کے زیور طبع سے آراستہ کرنا دین کی بہت بڑی خدمت ہے۔ تاہم یہ بات بہرنوع ضروری ہے کہ پوری ژرف نگاہی اور دیانت داری سے یہ کھوج لگایا جائے کہ اس کتاب یا جز کا پایۂ استناد وانتساب کس حد تک درست ہے۔ محدثین کرام نے اس کے لئے جو اصول وضوابط مقرر کیے ہیں کیا یہ رسالہ اور جزء اس میزان پر صحیح طور پر پورا اترتا ہے یا نہیں؟

ہم جب اسی حوالے سے المصنف کے اس حصہ کا جائزہ لیتے ہیں تو کئی اعتبار سے اس کا انتساب امام عبدالرزاق کی طرف درست ثابت نہیں ہوتا جس کی تفصیل حسب ذیل ہے:

❶ پہلی بنیادی اور قابل غور بات تو یہ ہے کہ ڈاکٹر عیسیٰ حمیری نے اس نسخہ کے بارے میں لکھا ہے:

"وليس على النسخة التي بين يدينا أية سماعات وهي نسخة كاملة أملك منها الآن المجلدين الأوّل والثاني فقط وأترك الحكم للقاري الكريم وأهل الإ ختصاص وأضع بين أيديهم الجزء المفقود"

ہمارے سامنے جو نسخہ ہے، اس پر کوئی سماعات نہیں۔ یہ نسخہ کامل ہے اور مجھے اس کی صرف جلد اوّل اور ثانی دستیاب ہوئی ہے۔ اس کے بارے میں فیصلہ قارئین کرام اور مختصین پر چھوڑتا ہوں اور اس میں سے گمشدہ حصہ کو ان کے سامنے پیش کرتا ہوں۔

[ص ۱۴، ۱۵]

سماعات، سماع کی جمع ہے جب ایک قلمی نسخہ اہل علم خود پڑھتے یا تلامذہ استاد پر اس کی قراءت کرتے تو اس پر لکھ دیتے تھے کہ یہ فلاں فلاں نے پڑھا یا سنا ہے۔ مگر اس نسخہ کے بارے میں ڈاکٹر الحمیری نے فرمایا ہے کہ اس پر کوئی سماعات نہیں ہیں۔ پھر خود ان کا یہ فرمانا

کہ ''اس کے بارے میں فیصلہ قارئین کرام اور متخصصین پر چھوڑتا ہوں۔''

بجائے خود اس بات کا اظہار ہے کہ انھیں بھی اس کے بارے میں کامل اعتماد نہیں کہ اس کی نسبت المصنف للإمام عبدالرزاق کی طرف درست ہے یا نہیں؟

(۲) اس مخطوطہ کے ناسخ اسحٰق بن عبدالرحمٰن سلیمانی ہیں۔ اس کا جزاوّل انھوں نے ۹ رمضان المبارک ۹۳۳ھ میں لکھا، جیسا کہ اس جز کے عکس سے معلوم ہوتا ہے۔ یہ ناسخ کون ہیں؛ ثقہ ہیں یا نہیں؟ اس کے بارے میں ڈاکٹر حمیری بھی خاموش ہیں۔ اس کا ترجمہ وتوثیق بھی متداول کتب میں کہیں نظر نہیں آتی ہے۔ جب کہ ناسخ کے بارے میں یہ شرط بھی ہے کہ وہ ثقہ اور معروف الخط ہو، چنانچہ علامہ سیوطی نے ذکر کیا ہے:

''جس طرح یہ شرط ہے کہ کتاب کے بارے میں یہ اطمینان ہونا چاہیے کہ اس میں کوئی تغیر اور تبدیلی نہیں ہوئی، اگر اس کے بارے میں شک ہو تو اس سے روایت درست نہیں، اس طرح یہ بھی شرط ہے کہ اس کا ناسخ ثقہ ہو، لیکن: إن لم یکن الکتاب بخط ثقة بلا خلاف [تدریب الراوی: ج۲ رص ۱۶۸ النوع ۲۶] ''اگر کتاب ثقہ ناسخ سے نہ ہو تو بھی بلا اختلاف اس پر اعتماد درست نہیں۔''

یہی بات اس سے پہلے النوع ۲۵ میں علامہ نووی نے ایک دوسرے اُسلوب میں فرمائی ہے۔ لہٰذا جب اس نسخہ کے ناسخ کا ثقہ ہونا ثابت نہیں، نہ اس میں اپنے سماع کا ذکر کیا اور نہ ہی کسی محدث سے اس نسخہ کے بارے میں اعتماد نقل کیا تو اس نسخہ کا اعتبار کیونکر صحیح ہوسکتا ہے۔

(۳) جناب ڈاکٹر حمیری نے یقیناً خدمتِ حدیث کے جذبہ سے الجزء المفقود من الجزء الأول من المصنف طبع کرایا۔ مگر کیا ان کے علم میں یہ نہیں کہ المصنف کے مطبوعہ نسخہ کی جلد خامس بھی ابتدا سے ناقص ہے جس کا اظہار... حبیب الرحمٰن صاحب نے پہلی جلد کی ابتدا ہی میں کیا ہے۔ اب جب کامل نسخہ دستیاب ہوا ہے تو خدمت سنت کا کیا یہ

تقاضا نہ تھا کہ اس حصہ کو بھی طبع کیا جاتا یا کم از کم اس کا اظہار ہی کر دیا جاتا کہ دوسرے نقص کا جو اشارہ حبیب الرحمٰن اعظمی نے کیا ہے، وہ غلط ہے اور وہاں کوئی نقص نہیں، خدمت سنت کا یہ جذبہ آخر اس بارے میں خاموش کیوں ہے؟

④ المصنف کے مطبوعہ نسخہ سے عیاں ہوتا ہے کہ امام عبدالرزاق نے المصنف میں باقاعدہ کتاب اور اس کے تحت ابواب مرتب کئے ہوئے ہیں۔ مثلاً پہلی جلد کی ابتدا میں کتاب الطہارۃ نہیں۔ اس کے بعد ابواب کا بظاہر تسلسل نہیں جو اس کے نقص کی دلیل ہے۔ اس کے بعد پہلی جلد ہی میں کتاب الحیض، کتاب الصلاۃ، یہ کتاب تیسری جلد تک مسلسل ہے اور اس کے تحت تمام متعلقہ ابواب ہیں۔ اس کے بعد تیسری جلد ہی میں کتاب الجمعہ، کتاب صلاۃ العیدین، کتاب فضائل القرآن، کتاب الجنائز۔ اس طرح چوتھی میں کتاب الزکوٰۃ، کتاب الصیام وغیرہ آخر کتاب تک۔ علامہ الکتانی نے بھی لکھا ہے: **رتبہ علی الکتب والأبواب** ''امام عبدالرزاق نے اسے کتب اور ابواب پر مرتب کیا ہے۔''

[الرسالۃ المستطرفۃ: ص۳۶]

لیکن ہم دیکھتے ہیں کہ الجزء المفقود کے نام سے اس نسخہ کا آغاز کتاب الایمان سے نہیں۔ ڈاکٹر حمیری نے وضاحت کر دی ہے کہ موقع کی مناسبت سے ہم نے یہ اضافہ کیا ہے۔ (الجزء المفقود: ص۵۱) کتاب الطہارۃ بھی نہیں، یہ عنوان بھی ڈاکٹر حمیری نے دیا ہے۔ بالکل اسی طرح جس طرح اعظمی صاحب نے (کتاب الطہارۃ) کو قوسین میں ذکر کیا۔ یہ کیسا کامل نسخہ ہے کہ کتاب کے پورے اسلوب کے برعکس اس میں ''کتاب'' کا نام ہی نہیں۔ کیا ڈاکٹر حمیری اور ان کے ہم نوا بتا سکتے ہیں کہ ان کے کامل نسخہ میں ''کتاب'' نام کا کوئی عنوان ہی نہیں۔ دیدہ باید!

⑤ حافظ ابن حجر نے اپنی المصنف کی سند متعدد طریق سے ذکر کی ہے۔ ملاحظہ ہو تغلیق التعلیق (ج۵ ص۴۵۵)، امام ابوبکر محمد بن خیر الاشبیلی المتوفی ۵۷۵ھ نے ''فہرست

ابن خیر'' ص ۱۰۷ رقم ۱۷۴ میں المصنف کی اسانید ذکر کی ہیں۔ اسی طرح دیگر حضرات جنھوں نے المصنف کی اسانید ذکر کی ہیں۔ وہ اپنی روایت میں کسی نوعیت کے نقص کا ذکر نہیں کرتے۔ یہ بات واضح ہونی چاہیے کہ نقص کا یہ گھپلا کب اور کیسے واقع ہوا؟

❻ جناب ڈاکٹر حمیری نے مطبوعہ اور مخطوط کے مابین ایک تقابلی جائزہ پیش کیا ہے مگر افسوس کہ مخطوط میں جگہ بہ جگہ جو تساہل بلکہ تغافل پایا جاتا ہے، اس کی طرف کوئی اشارہ انھوں نے نہیں کیا۔ اسی تغافل سے اس مخطوط کی حیثیت متعین کی جاسکتی ہے۔

یحییٰ بن ابی زائدہ کون ہیں؟

چنانچہ اسی الجزء المفقود میں جو چالیس روایات پائی جاتی ہیں، ان میں پانچ روایات یحییٰ بن ابی زائدۃ سے منقول ہیں اور ان تمام روایات میں اسناد کے اعتبار سے عجیب گھپلا پایا جاتا ہے۔ چنانچہ یحییٰ کی ایک روایت جو ایک الجزء المفقود کے ص ۶۱ رقم ۱۵ پر ہے۔ اس کی سند یوں ہے: ''عبد الرزاق عن معمر عن ابن أبی زائدة عن ابن عون ''معمر سے مراد امام معمر بن راشد ہیں اور ڈاکٹر صاحب نے اس کے بارے میں یہ وضاحت کردی ہے کہ معمر لا یروي عن ابن أبی زائدۃ'' کہ معمر، ابن ابی زائدہ سے روایت نہیں کرتے''، گویا یہ روایت منقطع ہے۔ لیکن معاملہ اس پر ختم نہیں ہوتا، کیونکہ یحییٰ بن ابی زائدۃ ۱۲۰ھ میں پیدا ہوئے اور ۱۸۳، ۱۸۴ھ میں ان کا انتقال ہوا، جیسا کہ التہذیب للمزی ج ۲ ص ۸۱ وغیرہ میں ہے اور ڈاکٹر حمیری نے بھی الجزء المفقود ص ۶۰ میں لکھا ہے کہ یحییٰ بن ابی زائدہ دراصل یحییٰ بن زکریا بن ابی زائدہ ہیں جو ۱۸۳ یا ۱۸۴ھ میں فوت ہوئے۔ حافظ ابن حجر نے انھیں طبقہ تاسعہ میں شمار کیا ہے۔ (التقریب: ص ۳۷۵) جبکہ امام معمر سابعہ طبقہ کے ہیں (التقریب: ص ۳۴۴) جو ۱۵۳ یا ۱۵۴ھ میں فوت ہوئے، انھوں نے ۵۸ سال عمر پائی، اس حساب سے ان کی پیدائش ۹۵، ۹۶ھ میں بنتی ہے۔ گویا امام معمر کی وفات پر یحییٰ کی عمر ۲۹، ۳۰ سال تھی۔ چاہیے تو یہ کہ یحییٰ بن ابی زائدہ امام معمر سے روایت

کرتے کہ وہ امام معمر سے بہرنوع بعد میں (پیدا) ہوئے ہیں لیکن یہاں گنگا الٹی بہتی ہے کہ امام معمر، یحییٰ سے روایت کرتے ہیں۔ ممکن ہے کوئی صاحب دل کی تسلی کے لئے اسے روایۃ الاکابر عن الاصاغر قرار دیں لیکن اس کے لئے دونوں کے مابین ثبوت سماع کی ضرورت ہے، اس لئے یہ بہانہ سازی بھی یہاں نہیں چل سکتی۔ غالباً اسی لئے ڈاکٹر حمیری نے اعتراف کیا ہے کہ امام معمر کی یحییٰ سے روایت نہیں۔

یحییٰ بن ابی زائدہ کی دوسری روایت

یحییٰ بن زکریا بن ابی زائدہ کی ایک روایت کی سند یوں ہے:

"قال عبدالرزاق أخبرنی یحییٰ بن أبی زائدة عن سلیمان بن یسار قال علمنی أبو قلابة" [الجزء المفقود: ص ۶۰ رقم ۱۳]

ابھی ہم ذکر کر آئے ہیں کہ یحییٰ بن زکریا ۱۲۰ھ میں پیدا ہوئے اور ۱۸۳ یا ۱۸۴ھ میں ان کا انتقال ہوا۔ اور اس سند میں وہ سلیمان بن یسار سے روایت کرتے ہیں۔ جن کی وفات علیٰ حسب الاختلاف ۱۰۰ھ میں، ۱۰۳ھ، ۱۰۴ھ یا ۱۰۹ھ بتلائی گئی ہے اور اکثر محدثین نے فرمایا کہ وہ ۱۰۷ھ میں فوت ہوئے جبکہ ان کی عمر ۷۳ سال تھی۔ (التہذیب للمزی ترجمہ ۲۵۵۹ وغیرہ) حافظ ابن حجر نے انھیں کبار الثالثۃ یعنی ثالثہ طبقہ کے کبار محدثین میں شمار کیا ہے۔ (التقریب: ۱۳۶) اس اعتبار سے سوال یہ ہے کہ یحییٰ جو ۱۲۰ھ میں پیدا ہوئے، وہ ۱۰۷ھ میں تیرہ سال پہلے فوت ہو جانے والے سلیمان بن یسار سے کیونکر روایت کر سکتے ہیں؟ کہاں نویں طبقہ کا یحییٰ بن زکریا اور کہاں تیسرے طبقہ کے کبار محدثین میں شمار ہونے والے سلیمان سے اس کی روایت! افسوس ہے ڈاکٹر حمیری یہاں خاموش ہیں۔ آپ کہیں گے کہ یہاں انقطاع ہے۔ یہ بات بجا سہی، لیکن اس کا دوسرا پہلو بھی ہے جو یحییٰ بن زکریا کی روایات سے سامنے آ رہا ہے کہ اسے کس کس کا استاد اور کس کس کا شاگرد بنایا جا رہا ہے؟

یحییٰ بن ابی زائدہ کی تیسری روایت

یحییٰ بن زکریا بن ابی زائدہ کی تیسری روایت الجزء المفقود کے ص ۸۳ رقم ۲۲ پر ہے جس کی سند حسب ذیل ہے:

"عبدالرزاق عن مالك عن يحيىٰ بن أبى زائدة عن أبى سعيد الخدري"

انتہائی افسوس کی بات ہے کہ ڈاکٹر حمیری اپنے علم وفضل کے باوصف اس سند کے بارے میں بالکل خاموش ہیں جبکہ امام مالک بھی طبقہ سابعہ کے ہیں جو ۱۷۹ھ میں فوت ہوئے جبکہ ان کی پیدائش ۹۳ھ میں ہوئی۔ ڈاکٹر حمیری جب یہ تسلیم کرتے ہیں کہ معمر اور زائدہ کے مابین انقطاع ہے تو یہاں امام مالک اور یحییٰ کے مابین انقطاع کیوں نہیں؟ بالخصوص جبکہ یحییٰ بن زکریا تو امام مالک سے روایت کرتے ہیں۔ ملاحظہ ہو التہذیب للمزی (ج ۱۷ ص ۳۸۴ اور ج ۲۰ ص ۷۸) اور یہ قطعاً ثابت نہیں کہ امام مالک نے یحییٰ سے بھی روایت لی ہے۔ چلئے ہم اس پہلو سے اسے نظر انداز کرتے ہیں۔ مگر ثانیاً یہ بھی لطیفہ ہی ہے کہ یحییٰ بن ابی زائدہ جو تاسعہ طبقہ سے ہیں اور ۱۲۰ھ میں پیدا ہوئے ہیں وہ (سیدنا) ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ صحابی رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں۔ اس صریح دھاندلی کے باوجود افسوس کہ فاضل ڈاکٹر حمیری اس پر خاموش ہیں اور دوسری اسانید سے (سیدنا) ابوسعید رضی اللہ عنہ کی روایت کا حوالہ ذکر کر کے یہ تاثر دینے کی کوشش کرتے ہیں کہ گویا یہ روایت اسی سند سے موجود ہے۔

إنا لله وإنا إليه راجعون

یحییٰ کی چوتھی حدیث

اسی طرح یحییٰ کی چوتھی حدیث الجزء المفقود کے ص ۹۱، رقم ۳۴ کے تحت جس کی سند یوں ہے:

"عبدالرزاق عن مالك عن يحيىٰ بن أبى زائدة عن على رضى الله عنه"

یہاں بھی وہی معاملہ ہے جو حدیث نمبر تین میں ہے اور یحییٰ تاسعہ طبقہ کے ہوتے ہوئے (سیدنا) علی رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں۔ سبحان اللہ، اور جناب ڈاکٹر حمیری حسبِ سابق یہاں بھی خاموش ہیں اور اس کی تخریج میں ترمذی، احمد اور البزار وغیرہ کا حوالہ دیتے ہیں کہ ان کتابوں میں یہ أبو إسحٰق عن أبی حیة عن علی کی سند سے موجود ہے، مگر وہ بھول جاتے ہیں کہ اس سند سے تو یہ المصنف عبدالرزاق رقم ۱۲۰، ۱۲۱ میں بھی موجود ہے۔ کیا کتاب کے صحیح انتساب کے لئے تنہا متن کامل جانا کافی ہے؟

یحییٰ کی پانچویں حدیث

یحییٰ بن زکریا بن ابی زائدہ کی پانچویں حدیث اسی صفحہ ۹۱ حدیث ۳۵ پر ہے۔ جس کے متعلق کہا گیا ہے:

"وبهٰذا الإسناد عن ابن عمر"

کہ اسی سند سے عبداللہ بن عمر سے روایت ہے۔

لیجئے جناب! یہاں یحییٰ (سیدنا) عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں اور وہ طبقہ تاسعہ میں شمار ہوتے ہیں۔ مگر اس کے بارے میں بھی ڈاکٹر حمیری خاموش ہیں۔ اندازہ کیجئے کہ الجزء المفقود کی چالیس روایات میں پانچ روایات یحییٰ بن ابی زائدہ سے مروی ہیں جو اس بات کا قرینہ ہے کہ یحییٰ کثیر الروایۃ ہیں۔ اور الجزء المفقود میں اس کی تین روایات امام مالک سے ہیں۔ مگر کس قدر تعجب کی بات ہے کہ اس کے باوجود یحییٰ امام مالک کے شاگرد ہیں، کسی نے اُنھیں امام مالک کا استاد قرار نہیں دیا۔ اور نہ پوری المصنف عبدالرزاق میں اس کے علاوہ کہیں مالک عن یحییٰ بن ابی زائدۃ کی کوئی روایت پائی جاتی ہے۔ بلکہ مختلف ذرائع سے ہم نے اس کا تتبع کیا کہ المصنف کے مطبوعہ نسخہ میں ایک روایت بھی یحییٰ بن ابی زائدہ کی مروی نہیں، آخر یہ کیوں؟

ایک اور سند اور لطیفہ

الجزء المفقود ص ۵۵ حدیث ۲ کی سند ملاحظہ فرمائیں:

"عبدالرزاق عن ابن جریج قال أخبرنی البراء قال ما رأیت شیئاً قط أحسن من رسول اللہ ﷺ"

قارئین کرام یہ دیکھ کر حیران ہوں گے کہ اس الجزء کے فاضل محقق جناب ڈاکٹر حمیری فرماتے ہیں: "ابن جریج حافظ وکان یدلس فقد صرح ھنا بالإخبار"

[ابن جریج ثقہ حافظ اور مدلس تھے مگر یہاں انھوں نے 'اخبرنی' کہہ کر سماع کی تصریح کی ہے۔]

بے خبری اور اندھی عقیدت کی بھی کوئی انتہا ہوتی ہے، جس کی بنا پر وہ اس سند کو "اخبرني" دیکھ کر سماع پر محمول کرتے ہیں اور اتنی سی بات بھی دیکھنا گوارا نہیں کرتے کہ ابن جریج تو ۸۰ھ میں پیدا ہوئے، جیسا کہ التہذیب ج ۶ ص ۴۰۵ اور السیر ج ۶ ص ۳۳۳، ۳۳۴ میں ہے بلکہ علامہ ذہبی نے لکھا ہے کہ ان کی عمر ستر سال تھی، ان کا اور امام ابوحنیفہ کا سن مولد ۸۰ھ عمر ۷۰ سال اور وفات ۱۵۰ھ ایک ہی ہے۔ بتلایئے ۸۰ھ میں پیدا ہونے والے، (سیدنا) براء رضی اللہ عنہ جو ۷۲ھ میں فوت ہوئے (التقریب: ص ۴۳) سے سماع کا اظہار کیونکر کر سکتے ہیں اگر براء بن عازب رضی اللہ عنہ معروف صحابی نہیں، کوئی اور ہیں تو بتلایا جائے۔ براء نام کا اور کون سا صحابی ہے جس سے براہِ راست امام ابن جریج نے روایت لی ہے؟ بصورتِ دیگر تسلیم کیا جائے کہ یہ جسارت کرنے والا کوئی کذاب ہے جس نے یہ سلسلۂ سند جوڑا ہے۔

تیسری سند..... ایک اور لطیفہ

الجزء المفقود کے ص ۸۴ حدیث ۲۴ کی سند ملاحظہ فرمائیں:

"عبدالرزاق عن ابن جریج عن الزھري أنه سمع عقبة بن عامر"

ڈاکٹر حمیری نے فرمایا ہے کہ کتبِ جرح وتعدیل میں زہری کا (سیدنا) عقبہ بن عامر سے سماع ثابت نہیں ہوتا۔ کیونکہ زہری ۵۰ھ میں پیدا ہوئے جبکہ عقبہ (سیدنا) معاویہ رضی اللہ عنہ کی خلافت کے آخر میں ۶۰ھ میں فوت ہوئے۔ یوں ان کی وفات کے وقت زہری کی عمر دس سال تھی۔ لیکن احتمال ہے کہ انھوں نے (سیدنا) عقبہ سے سنا ہو، کیونکہ حدیث کے لئے سن تحمل پانچ سال ہے جیسا کہ امام ابن الصلاح نے اپنے المقدمۃ میں ذکر کیا ہے۔ یوں یہ روایت متصل ہے ورنہ منقطع۔ فاضل ڈاکٹر اس روایت کو متصل بنانے کے لئے بڑی دور کی کوڑی لائے۔

اولاً: تو عرض ہے کہ فاضل ڈاکٹر نے ۶۰ھ کو (سیدنا) عقبہ رضی اللہ عنہ کا سن وفات کس دلیل سے متعین کیا ہے؟ جبکہ حافظ ابن حجر نے الاصابہ: ج ۳ ص ۴۶۶، التہذیب ج ۷ ص ۲۴۳، میں اور علامہ ذہبی نے السیر ج ۲ ص ۴۶۸، ۴۶۹ وغیرہ میں بالصراحت ان کی وفات ۵۸ھ ذکر کی ہے۔ آخری عمر میں ان کا مدینہ طیبہ میں ہونا بھی ثابت نہیں۔ مصر میں فوت ہوئے، مقبرۃ المقطم میں دفن ہوئے۔ اس لئے سن تحمل کی بنا پر امکانِ سماع کا دعویٰ بہرحال مخدوش ہے بلکہ علامہ ہیثمی نے مجمع الزوائد (ج ۱ ص ۳۳۱) باب کیف الأذان میں صراحت کی ہے: ''والزهري لم يسمع من عقبة بن عامر'' کہ زہری نے (سیدنا) عقبہ رضی اللہ عنہ سے نہیں سنا۔ یہ روایت جس کے بارے میں علامہ ہیثمی نے یہ حکم لگایا ہے، یہ طبرانی کبیر ج ۱۷ ص ۳۴۴ میں ہے اور معنعن ہے یعنی زهري عن عقبة مگر یہ شرف صرف الجزء المفقود کے ناسخ یا راوی کو حاصل ہوا کہ اس نے امام زہری کا (سیدنا) عقبہ رضی اللہ عنہ سے سماع ثابت کر دیا۔

متن میں نکارت

(سیدنا) عقبہ رضی اللہ عنہ کی اسی روایت کے الفاظ ہیں: ''من توضأ فأتم وضوءه ثم رفع رأسه إلى السماء ....إلخ'' فاضل ڈاکٹر حمیری نے اس کی تخریج میں صحیح مسلم

اورابن ابی شیبہ وغیرہ کا حوالہ دیا اور فرمایا: ''من طریق ابن عثمان بن نفیر عن جبیر أبي عثمان بن مالك الحضرمي ''لیکن یہ کمپوزنگ کی غلطی ہے، صحیح" من طریق أبي عثمان عن جبیر بن نفیر بن مالك" ہے۔اس سے قطع نظر سوال یہ ہے کہ کیا اس سند سے محولہ کتابوں میں ''ثم رفع رأسه إلى السماء '' کے الفاظ موجود ہیں؟ ڈاکٹر حمیری تک تو شاید ہماری یہ گزارشات نہ پہنچ پائیں مگر پاکستان میں ان کے ہم نوا اور اس نسخہ کی تحسین کرنے والے تو موجود ہیں، کیا وہ بتا سکتے ہیں کہ محولہ کتب میں حاشیہ کی بیان کی ہوئی سند میں یہ اضافہ موجود ہے؟

﴿وَادْعُوْا شُهَدَآءَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ﴾

امر واقعہ یہ ہے کہ یہ اضافہ أبو عقیل عن ابن عمه عن عقبة کی سند سے ابو داود ج ۱ ص ۶۶ مع العون، ابن ابی شیبہ ج ۱ ص ۴ مسند احمد ۴/ ۱۵۰، ۱۵۱ اور سنن دارمی ۱/ ۱۸۲ میں ہے اور اس میں ابن عم ابی عقیل مجہول ہے، جیسا کہ علامہ منذری نے مختصر ابی داود میں کہا ہے۔غور فرمایئے ڈاکٹر حمیری نے کس ہوشیاری سے اس متن کو صحیح بنانے کی کوشش کی ہے۔رہی الجزء المفقود کی سند تو اس کا قصہ آپ کے سامنے ہے۔

چوتھی سند اور ڈاکٹر حمیری کی دھاندلی

الجزء المفقود (ص ۸۸ رقم ۲۸) کی ایک سند دیکھئے: "عبدالرزاق قال أخبرني الزهري عن سفیان بن شبرمة عن سعید بن جبیر"

اوّلاً: سوال یہ ہے کہ سفیان بن شبرمہ کون ہے؟ ڈاکٹر حمیری کی دھاندلی دیکھئے کہ وہ یہاں تو اس کے تعارف سے خاموش ہیں مگر رجال کی فہرست ص ۱۰۴ میں اس کو ثقہ قرار دیتے ہیں۔إنا لله وإنا إليه راجعون چلئے ہم عرض کرتے ہیں کہ یہ طباعتی غلطی ہوگی صحیح ''سفیان عن ابن شبرمة '' ہے کیونکہ المصنف (ج ۱ ص ۱۵) میں یہی اثر یحییٰ بن الیمان عن سفیان عن ابن شبرمة کی سند سے موجود ہے اور ابن شبرمہ، عبداللہ بن

شبر مہ ہیں اوران سے سفیان ثوری اور سفیان بن عیینہ دونوں سفیان روایت کرتے ہیں۔مگر سوال پھر یہ ہے کہ کیا امام زہری سفیان ثوری یا سفیان بن عیینہ سے روایت کرتے ہیں؟ تہذیب الکمال وغیرہ اُٹھا کر دیکھئے؛ امام زہری کے اساتذہ میں ان کا نام آتا ہے؟ بلکہ سفیان بن عیینہ تو امام زہری کے مشہور شاگرد ہیں اور بہ کثرت ان سے رُوایات بیان کرتے ہیں،مگر یہاں انھیں امام زہری کا ماشاءاللہ اُستاد بنادیا گیا۔

اس سے بھی عجیب تر بات یہ ہے کہ کہا گیا''عبدالرزاق قال أخبرنی الزهري'' حالانکہ امام عبدالرزاق ۱۲۶ھ میں پیدا ہوئے جیسا کہ خود محترم حمیری صاحب نے ص ۲۳ پر نقل کیا ہے، جبکہ امام زہری ۱۲۳ یا ۱۲۴ھ میں فوت ہوئے (تہذیب الکمال: ج ۱۷ص ۲۳۲) وغیرہ۔لہٰذا جب امام عبدالرزاق امام زہری کی وفات سے علیٰ حسب الاختلاف ایک یا دو یا تین سال بعد پیدا ہوتے ہیں تو ان سے أخبرنی الزهري بیان کرنے والا کون کذاب ہے؟ بینوا توجروا!!

مزید برآں ڈاکٹر صاحب نے متن میں فإذا نبتت له يغسلها نقل کیا ہے جس کے کوئی معنی نہیں بنتے۔صحیح ''لم يغسلها'' ہے،جیسا کہ مصنف ابن ابی شیبہ میں ہے۔ممکن ہے کہ لَہٗ کمپوزنگ کی غلطی ہو۔ والله سبحانه وتعالىٰ أعلم!

پانچویں سند کا لطیفہ

الجزءالمفقود ص ۸۹،حدیث ۳۰ میں ایک سند یوں ہے:"عبدالرزاق عن معمر عن الزهري عن ابن عيينة عن يزيد الرقاشي"

ابھی ہم عرض کر آئے ہیں کہ امام زہری ، امام ابن عیینہ کے اُستاد ہیں، شاگرد نہیں۔علاوہ ازیں ابن عیینہ کا سماع یزید بن ابان رقاشی سے نہیں۔ابن عیینہ ۱۰۷ھ میں پیدا ہوئے جبکہ یزید رقاشی کے بارے میں ہے کہ وہ ۱۱۰ سے ۱۲۰ھ کے مابین فوت ہوئے۔ (التاریخ الصغیر للبخاری: ج ۲ص ۳۴۳)۔کوئی حتمی تاریخ وفات کا ذکر نہیں ملا۔اب محض اس

الجزء المفقود کی بنیاد پر ابن عیینہ کو یزید رقاشی کا شاگرد کیونکر قرار دیا جا سکتا ہے؟ بالخصوص جبکہ خود ابن عیینہ فرماتے ہیں: "أول من جالست عبدالكريم أبو أمية وأنا ابن خمس عشرة سنة قال وقرأت القرآن وأنا ابن أربع عشر سنة"

[السیر: ج ۸/ص ۴۶۴]

سب سے پہلے جس کے سامنے میں نے زانوئے تلمذ طے کئے ہیں وہ عبدالکریم بن ابی المخارق ابوأمیہ ہیں، تب میری عمر ۱۵ سال تھی اور میں نے قرآن مجید ۱۴ سال کی عمر میں پڑھا۔"

جب صورتِ واقعہ یہ ہے کہ امام ابن عیینہ کا سن تحمل ۱۵ھ ہے تو اس حساب سے ۱۱۰ھ سے ۱۲۰ھ کے مابین فوت ہو جانے والے یزید رقاشی بصری سے ان کا سماع کیونکر متعین ہو سکتا ہے؟ اس لئے یہ سند بھی خانہ ساز ہے اور علم الروایہ کے بالکل منافی ہے۔

چھٹی سند

الجزء المفقود ص ۹۴ کی حدیث ۴۰ کی سند ملاحظہ فرمائیں:

عبدالرزاق عن الزهري عن جندب عن الأسود بن يزيد أن ابن عمر توضأ ... إلخ

ابھی ہم "چوتھی سند" کے تحت ذکر کر آئے ہیں کہ امام زہری سے امام عبدالرزاق کی ملاقات ہی ثابت نہیں۔ امام عبدالرزاق، امام زہری کی وفات کے بعد پیدا ہوئے لہٰذا حسبِ سابق یہ سند بھی بناوٹی ہے۔ انتہائی افسوس کی بات یہ ہے کہ ڈاکٹر حمیری اس روایت کے بارے میں فرماتے ہیں: هذا الإسناد فيه انقطاع بين عبدالرزاق والزهري "کہ اس سند میں زہری اور عبدالرزاق کے مابین انقطاع ہے مگر اس سے قبل ص ۸۸ حدیث ۲۸ میں جہاں عبدالرزاق أخبرني الزهري کہہ کر دونوں کے مابین سماع کی صراحت کی گئی ہے، اس کے بارے میں ڈاکٹر صاحب بالکل خاموش ہیں۔ ہمارا سوال یہی

ہے کہ جس سے سماع نہ ہو اس کے باوجود راوی اس سے سماع کا اظہار کرے تو اسے کیا کہا جائے گا؟ امام عبدالرزاق کے بارے میں غلط بیانی اور کذب کا الزام بہرنوع غلط ہے۔ اب اس کی جسارت کسی غلط کار اور کذاب نے نہیں کی تو اور کس نے کی ہے؟ اس کے علاوہ یہ بھی بتایا جائے کہ امام زہری جو جندب سے روایت کرتے اور الاسود بن یزید کے شاگرد ہیں، وہ کون ہیں؟ نیز یہ بھی کہ سند میں "أن ابن عمر" بھی بہرحال غلط ہے۔ صحیح "أن عمر" ہے، جیسا کہ الاسود بن یزید ہی سے یہ اثر سیدنا عمر رضی اللہ عنہ سے مصنف ابن ابی شیبہ (ج ۱ ص ۱۸) میں ہے۔

ساتویں حدیث

الجزء المفقود ص ۸۰، ۸۱ میں ایک روایت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے بایں سند نقل کی گئی ہے:

"عبدالرزاق عن معمر عن الزهري عن أبي سعيد عن أبيه عن جده أبي سعيد قال رسول الله ﷺ: "لا وضوء لمن لم يذكر اسم الله عليه"

[رقم: ۲۰]

یہ روایت بظاہر سند کے اعتبار سے حسن ہے مگر درحقیقت بات یہ ہے کہ امام زہری کے استاد ابوسعید ربیح بن عبدالرحمٰن بن ابی سعید سے یہ روایت کثیر بن زید بیان کرنے میں منفرد ہیں۔ چنانچہ کثیر بن زید کی سند سے یہی روایت مصنف ابن ابی شیبہ: ج ۱ ص ۲، العلل الکبیر از ترمذی: ج ۱ ص ۱۱۲، ۱۱۳، مسند احمد: ج ۳ ص ۴۱، سنن دارمی: ج ۱ ص ۱۷۱، ابن ماجہ رقم ۳۹۷، مسند ابی یعلیٰ: رقم ۱۰۶۰، سنن دارقطنی: ج ۱ ص ۲۰۷، سنن بیہقی: ج ۱ ص ۴۳، مستدرک حاکم: ج ۱ ص ۱۷۴ اور مسند عبد حمید: رقم ۹۱۰ وغیرہ کتب میں اسی سند سے مروی ہے اور امام حاکم اور امام بیہقی نے امام احمد سے نقل کیا ہے کہ "أحسن ما يروى في هذا الحديث كثير بن زيد" "اس (باب) میں سب سے بہتر وہ ہے جو کثیر بن زید بیان کرتے ہیں۔"

یہی بات امام ابن عدی نے الکامل ج ۳ ص ۱۰۳۴ میں ربیع کے ترجمہ میں نقل کی ہے۔ بلکہ مزید یہ بھی فرمایا ہے کہ "لا أعلم يروي هذا الحديث عن ربيح غير كثير" کہ "میں نہیں جانتا کہ یہ حدیث ربیع سے کثیر کے علاوہ کوئی اور بھی روایت کرتا ہے۔" امام اسحاق بن راہویہ فرماتے ہیں: "هو أصح ما في الباب" کہ "یہ حدیث اس باب میں سب سے زیادہ صحیح ہے۔" (التلخیص: ج ۱ ص ۷۴) امام بزار فرماتے ہیں: "لا نعلمه يروي عن أبي سعيد إلا بالإسناد المذكور" "ہم نہیں جانتے کہ سیدنا ابوسعید رضی اللہ عنہ سے اس سند کے علاوہ بھی کسی نے روایت کیا ہے۔" (البدر المنیر: ج ۲ ص ۷۸) ہم اس حدیث کی صحت وضعف کے بارے میں بحث نہیں کرنا چاہتے بلکہ صرف یہ عرض کرنا چاہتے ہیں کہ امام احمد اور امام اسحاق کا فرمانا کہ اس باب میں سب سے بہتر روایت کثیر بن زید کی ہے۔ امام بزار اور امام ابن عدی کا فرمانا کہ کثیر کے علاوہ کسی اور نے یہ روایت بیان نہیں کی۔ امام اسحاق براہ راست امام عبدالرزاق کے شاگرد ہیں۔ امام حاکم اور امام بیہقی نیز علامہ ابن ملقن اور حافظ ابن حجر وغیرہ اسحاق بن ابراہیم الدبری جو المصنف عبدالرزاق کے راوی ہیں، کے واسطہ سے المصنف کی جابجا روایات ذکر کرتے ہیں۔ اگر یہ روایت ان کی المصنف میں زہری عن ربیح کی سند سے ہوتی تو کیا یہ حضرات کثیر کا تفرد اور اس کی سند سے اسے سب سے بہتر قرار دیتے؟..... ہرگز نہیں!

ان محدثین کے تبصرہ کے بعد اس روایت کی یہ سند بھی خانہ ساز اور وضعی معلوم ہوتی ہے۔

آٹھویں حدیث اور ڈاکٹر حمیری

الجزء المفقود ص ۸۲ میں حدیث ۲۱ کی سند یوں ہے:

"عبدالرزاق عن ابن جريج أخبره رجل عن أبي هريرة"

یہ روایت بھی تسمیۃ فی الوضوء کے بارے میں جو مسند امام احمد، سنن ابی داود اور

